لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
e.sheharnama.com

قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہر نامہ"
ای پیپر ویب سائٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper: www.sheharnama.com
Facebook@sheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیرالاشاعت قومی اخبار

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | جمعرات 06 اگست 2026ء 22 صفر المظفر 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 333

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

شہباز شریف سے ایرانی وفد کی ملاقات، تجارت میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

10 ارب ڈالر کی دوطرفہ تجارت کا ہدف حاصل کیا جائے گا، تجارت، بالخصوص خوراک اور زرعی اجناس و مصنوعات کی تجارت کے فروغ سے دونوں ممالک مستفید ہونگے

پاکستان خطے میں امن کے لیے اپنی مخلصانہ کوششیں جاری رکھے گا، شہباز شریف کی ایرانی وزیر تجارت سید اتابک کی سربراہی میں وفد سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے اسلامی جمہوریہ ایران کے وزیر صنعت، کان کنی و تجارت سید محمد اتابک کی سربراہی میں 6 رکنی وفد نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اپنے بہترین ہمسایہ برادر ملک اسلامی جمہوریہ ایران کے ساتھ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، پاکستان خطے میں امن کے لیے اپنی مخلصانہ کوششیں جاری رکھے گا، خطے میں پائیدار امن کے قیام اور پاکستان اور ایران کے دوطرفہ تعلقات بالخصوص تجارت کے مزید فروغ کے حوالے سے ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سے حال ہی میں اچھی گفتگو ہوئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ امید ہے کہ مسلسل کوششوں سے دونوں ممالک کی قیادت کی جانب سے مقرر کردہ 10 ارب ڈالر کی دوطرفہ تجارت کا ہدف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے جائیکا کے صدر ڈاکٹر اکیہیکو تانا ملاقات کر رہے ہیں

پیٹرول 4 روپے 45 پیسے مہنگا، ڈیزل معمولی سستا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے عالمی مارکیٹ میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود پیٹرول کی قیمت میں 4 روپے 45 پیسے کا اضافہ کر دیا۔ وزارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

تحریک انصاف کا 27 ستمبر کو اسلام آباد کا جانیکا اعلان

ہمیں بھیک نہیں انصاف چاہیے، ہمیں ہمارا لیڈر چاہیے، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف نے اپنے مطالبات کے لیے 27 ستمبر کو اسلام آباد جانے کا اعلان کر دیا، وزیراعلیٰ کے پی نے کہا ہے کہ اگر عمران خان سے ملاقاتیں شروع نہ ہوئیں، ذاتی معالج سے علاج نہ کرایا گیا، عدالتوں میں مقدمات نہ سنے گئے تو 27 ستمبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

پٹرولیم لیوی بھتہ، جمعہ کا احتجاج تاریخ رقم کریگا، حافظ نعیم الرحمن

6 اگست کو وحدت روڈ پر جماعت اسلامی حلقہ خواتین کا بڑا احتجاجی مظاہرہ ہوگا، امیر جماعت اسلامی

7 اگست کو لاکھوں لوگ گھروں سے نکلیں، نوجوان موٹر سائیکلیں سڑکوں پر لا کر شاہراہیں بند کریں

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی بھتہ کے خلاف جمعہ 7 اگست کا ملک گیر احتجاج فیصلہ کن عوامی طاقت کا مظاہرہ ثابت ہوگا۔ لاکھوں شہری گھروں سے نکلیں گے، اہم شاہراہوں پر دھرنے دیے جائیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے ایرانی وزیر تجارت سید محمد ملاقات کر رہے ہیں

حکومت 5 سال پورے کریگی لیکن نظام تباہ ہو چکا، محسن نقوی

مجھے اپنی کارکردگی کے حوالے سے وزیراعظم کو جواب دینا ہے، آج بھی سمجھتا ہوں پچھلے 80 سال سے جو نظام ہے وہ تباہ ہے کیونکہ یہ نظام صحیح چل رہا ہوتا ہم کہاں سے کہاں ہوتے

وزیراعظم تمام وزارتوں کی کارکردگی کا جائزہ لیں اور نتیجہ عوام کے سامنے رکھیں تاکہ عوام کو پتا ہو کہ کون سی وزارت کی کتنی کارکردگی ہے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نظام کے حوالے سے اپنے بیان پر قائم رہتے ہوئے ایک دفعہ پھر دہرایا ہے کہ 80 سال سے موجود نظام تباہ ہو گیا ہے لیکن حکومت 5 سال پورے کرے گی اور شہباز شریف 5 سال تک وزیراعظم رہیں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے میڈیا سے گفتگو کے دوران ان کی بطور وزیر کارکردگی کے حوالے سے سوال پر کہا کہ مجھے اپنی کارکردگی کے حوالے سے وزیراعظم کو جواب دینا ہے اور میری ان سے صرف یہ درخواست ہے تمام وزارتوں کی کارکردگی کا جائزہ لیں اور نتیجہ عوام کے سامنے رکھیں تاکہ عوام کو پتا ہو کہ کون سی وزارت کی کتنی کارکردگی ہے اور میری حاضری تقریباً 70 فیصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں آج بھی اپنے بیان پر قائم ہوں کہ نظام بالکل تباہ ہوا ہے اور میں وہ نظام 80 سال کا تباہ ہونے کا کہا ہے اور میں آج بھی سمجھتا ہوں پچھلے 80 سال سے جو نظام ہے وہ تباہ ہے کیونکہ یہ نظام صحیح چل رہا ہوتا ہم کہاں سے کہاں ہوتے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں نے حکومت بالکل کوئی چارج شیٹ نہیں کیا، میں حکومت کا حصہ ہوں میں اپنے آپ کو بالکل چارج شیٹ نہیں کروں گا۔ محسن نقوی نے کہا کہ اگر آپ کے وزیراعظم جو 14 سے 16 گھنٹے کام کرتا ہے اور چیزیں بہتر ہو جائیں تو اس کا رزلٹ ایک ہزار گنا بہتر رزلٹ آئے گا، ان حالات میں بھی انہوں نے ایف بی آر میں ریونیو بڑھا دیا، آپ نے جنگ جیت لی، آپ سفارت کاری میں کہاں سے کہاں پہنچے ہیں، اتنی ساری اصلاحات ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں آج بھی سمجھتا ہوں اگر وزیراعظم کو نظام اور ٹھیک ملتا تو وہ 100 گنا تیزی سے ملک کو آگے لے جاتے۔ محسن نقوی نے کہا کہ لوگوں کی بڑی خواہش ہے اور رہے گی کہ کسی بھی طریقے سے میرے اور ان کے تعلقات خراب ہو جائیں۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ حکومت کا مستقبل ٹھیک ہے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

پاک فضائیہ صومالی فضائیہ کی معاونت کیلئے تیار، ظہیر بابر سدھو

صومالیہ کے اعلیٰ سطحی دفاعی وفد کی سربراہ پاک فضائیہ سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے اُمور پر تفصیلی تبادلۂ خیال

اسلام آباد (پ ر) سفیر احمد معلم فقی، وزیر دفاع، وفاقی جمہوریہ صومالیہ کی قیادت میں اعلیٰ سطحی دفاعی وفد نے ایئر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو، نشانِ امتیاز (ملٹری) سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے اُمور پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا، جس میں دوطرفہ دفاعی تعاون، ادارہ جاتی اشتراک اور استعدادِ کار میں اضافے کے امکانات پر خصوصی توجہ مرکوز رہی۔ سربراہ پاک فضائیہ نے تکنیکی جدت اور مقامی صلاحیتوں کے فروغ پر مبنی پی اے ایف کی جاری جدت طرازی مہم کا ذکر کرتے ہوئے تربیت، استعدادِ کار میں اضافے اور پیشہ ورانہ تبادلوں کے شعبوں میں دونوں فضائی افواج کے مابین تعاون کے وسیع مواقع پر روشنی ڈالی۔ ایئر چیف نے معزز مہمان کو یقین دلایا کہ پاک فضائیہ استعدادِ کار میں اضافے، پیشہ ورانہ تربیت اور ادارہ جاتی ترقی کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھنے کے لیے پُرعزم ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ پاک فضائیہ اپنی آپریشنل مہارت، بہترین پیشہ ورانہ روایات اور جدید تربیتی انفراسٹرکچر سے استفادہ فراہم کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے صومالی وزیر سفیر معلم فقی ملاقات کر رہے ہیں

عطاء اللہ تارڑ کا شاعر سلیم طاہر کے انتقال پر اظہارِ افسوس

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے پاکستان ٹیلی ویژن کے نامور پروڈیوسر اور معروف شاعر محمد سلیم طاہر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بدھ کو اپنے تعزیتی بیان میں وفاقی وزیر نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

انصاف کیلئے غیر متزلزل عزم ہمارے لیے مشعل راہ ہے، رانا ثنااللہ

اسلام آباد (این این آئی) یوم استحصال کشمیر کے موقع پر وزیراعظم کے مشیر برائے بین الصوبائی رابطہ سینیٹر رانا ثنااللہ نے اپنے جاری کردہ پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست ہمیں بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کے عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کی یاد دلاتا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

پاکستان اور ڈنمارک میں توانائی تعاون کا نیا آغاز

مفاہمتی یادداشت پر دستخط، وزیر توانائی اویس لغاری کی تقریب میں شرکت

اسلام آباد: (دنیا نیوز) پاکستان اور ڈنمارک کے درمیان اسٹریٹجک سیکٹر کوآپریشن پروگرام کے آغاز کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیے گئے۔ سیکرٹری پاور ڈویژن ڈاکٹر فخرِ عالم عرفان اور ڈنمارک کی سفیر ماجا ڈیروس مورٹینسن نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے، وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے تقریب میں شرکت کی۔ معاہدے کے تحت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

راولپنڈی، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بیرسٹر دانیال وقار النساء کالج میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سی ڈی اے نیلام عام سے پہلے آکشن کمیٹی اراکین قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

سی ڈی اے نے 2 دن میں 44.16 ارب کے پلاٹ بیچ ڈالے

مری روڈ پر ایگرو فارم نمبر 18 کو 1212 ملین روپے، فارم 17 کو 966 ملین روپے میں نیلام کیا گیا

حاصل آمدن کو شہر کے انفراسٹرکچر، میگا پراجیکٹس کی تکمیل اور مسائل حل پر خرچ کیا جائیگا، چیئرمین آکشن کمیٹی

اسلام آباد: (نمائندہ شہر نامہ) کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے زیراہتمام دارالحکومت اسلام آباد میں کمرشل پلاٹس کا سہ روزہ نیلام عام دوسرے روز بھی کامیابی سے جاری رہا۔ دارالحکومت اسلام آباد میں کمرشل پلاٹس کی نیلامی کے پہلے دو یوم میں مجموعی طور پر 44.16 ارب کے پلاٹس فروخت ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق، کمرشل پلاٹس کی نیلامی کے دوسرے روز مری روڈ پر واقع ایگرو فارم نمبر 18 جو کہ 1212 ملین روپے میں نیلام ہوا۔ جبکہ مری روڈ پر ہی واقع ایگرو فارم نمبر 17 اے کو 966 ملین روپے میں نیلام کیا گیا۔ نیلامی کے دوسرے روز بلیو ایریا پارکنگ پلازہ کی تعمیر شدہ دکان نمبر 8 اے کو 66.151 ملین روپے میں نیلام کیا گیا۔ اسی طرح بلیو ایریا پارکنگ پلازہ کی شاپ نمبر 10 اے 71.147 ملین روپے میں نیلام ہوئی۔ جبکہ بلیو ایریا پارکنگ پلازہ میں تعمیر شدہ دکان نمبر 12 اے 63.153 ملین روپے میں نیلام ہوئی۔ مجموعی طور پر نیلام عام کے دوسرے دن 998.2630 ملین روپے کے پلاٹس فروخت ہوئے۔ جبکہ پہلے دن مجموعی طور 87.13806 ملین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

حنیف عباسی کا دو بند ٹرینیں بحال کرنے کا اعلان

مسافروں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری ہیں، وزیر ریلوے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے دو بند ٹرینیں بحال کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان ریلوے رواں سال مزید ٹرینیں بحال کرے گا اور وزیراعظم کے وژن کے مطابق مسافروں کی سہولیات میں بھی اضافہ کیا جائے گا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

خیبر پختونخوا، شکایات کے اندراج و تجاویز کیلئے واٹس ایپ نمبر کا اجراء

عوامی شکایات کو فوری طور پر متعلقہ محکمے/ضلعی انتظامیہ تک پہنچایا جائے گا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) خیبر پختونخوا میں عوام کی سہولت کیلئے واٹس ایپ پر شکایات کے اندراج و مثبت تجاویز کیلئے واٹس ایپ نمبر کا اجراء، عوامی شکایات و ازالہ کیلئے نیا نظام متعارف، صوبائی وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر چیف سیکرٹری اقدامات اٹھا دیئے، KPK کی عوام (03073470808) واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں، تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل افریدی کی خصوصی ہدایت پر چیف سیکرٹری آفس نے عوام کی سہولت کے لیے واٹس ایپ پر شکایات اور تجاویز کے اندراج کا نیا نظام متعارف کرا دیا ہے ذرائع کے مطابق KPK (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال سے صدر جاپان انٹرنیشنل کارپوریشن ایجنسی میٹنگ کر رہے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر جام کمال پاک ایران جوائنٹ ٹریڈ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کی جامعات کے 39 رکنی وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس دورہ

رابعیہ انوار نے ایوانِ بالا کی آئینی ذمہ داریوں بارے جامع بریفنگ دی

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) بلوچستان کی مختلف جامعات سے تعلق رکھنے والے 39 رکنی طلبہ و طالبات کے وفد نے سینیٹ سیکرٹریٹ، پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کا مطالعاتی دورہ کیا۔ پارلیمنٹ ہاؤس آمد پر سینیٹر دنیش کمار نے وفد کا پرتپاک استقبال کرتے ہوئے انہیں خوش آمدید کہا۔ وفد کو سینیٹ میوزیم کا دورہ کرایا گیا، جہاں انہیں پاکستان کی پارلیمانی تاریخ، سینیٹ کے ارتقائی سفر، قانون سازی کے عمل اور ایوانِ بالا کے آئینی و جمہوری کردار سے متعلق تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی۔ اس موقع پر سینیٹ کی تاریخ پر مبنی دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی۔ بعد ازاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

فریال تالپور سے پی پی KP کی سینئر قیادت کی ملاقات

مجموعی سیاسی صورتحال، پارٹی کے تنظیمی امور سمیت دیگر پر تفصیلی تبادلۂ خیال

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی خیبر پختونخوا کی سینئر قیادت نے گزشتہ روز زرداری ہاؤس اسلام آباد میں پاکستان پیپلز پارٹی شعبۂ خواتین کی مرکزی صدر محترمہ فریال تالپور سے اہم ملاقات کی ملاقات کرنے والے پی پی رہنماؤں میں نجم الدین خان انور سیف اللہ خان بیرسٹر مسعود کوثر ہمایوں خان سید ظاہر علی شاہ سید محمد علی شاہ باچا محمد شجاع خان اور سینیٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

وزیر دفاع سے امریکی ناظم الامور کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں تعینات امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر نے اسلام آباد میں وزیرِ دفاع خواجہ محمد آصف سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

مانسہرہ، ٹول پلازہ ہٹاؤ تحریک دوبارہ جلد شروع کرنے کی تیاریاں

مختلف مکتبہ فکر کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے کے لیے رابطے جاری

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ٹول پلازہ ہٹاؤ تحریک دوبارہ جلد شروع کرنے کی تیاریاں، تحریک کو منظم اور فیصلہ کن بنانے کیلئے نوجوانوں کا کردار اہم تصور، مختلف مکتبہ فکر کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے سیاسی سماجی شہری عوامی و تاجر حلقوں سے رابطے جاری، تفصیلات کے مطابق غازی کوٹ (کھیتاں داگلہ) کے مقام پر قائم مانسہرہ ٹول پلازہ ہٹانے کیلئے ٹول پلازہ ہٹاؤ تحریک دوبارہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

پاکستان کشمیری عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گا، ڈاکٹر مصدق ملک

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی سینیٹر ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرنے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

واپڈا کا اپنی سکیورٹی فورس بنانے کا منصوبہ، سربراہ ریٹائرڈ فوجی یا پولیس افسر ہوگا

پہلے جو انتظام کر رہے تھے وہ کافی مہنگا پڑتا ہے، نئی فورس کی کوئی پینشن نہیں ہوگی، چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد سیف

فورس کی ٹریننگ بھی ہوگی اور یونیفارم بھی، واپڈا کے منصوبوں اور واپڈا ہاؤسز میں گرفتاری کا اختیار ہوگا، قومی اسمبلی کمیٹی میں بریفنگ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) واٹر اینڈ پاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی (واپڈا) نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ اپنے منصوبوں کی سیکیورٹی کے لیے الگ فورسز بنانے کی ضرورت ہے اور اس فورس کا ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) پولیس یا فوجی سے 20 گریڈ کا ریٹائرڈ افسر ہوگا تاہم اس فورس کے قیام کا اختیار وفاقی حکومت کے پاس ہوگا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی آبی وسائل کے اجلاس میں واپڈا سکیورٹی فورس بل زیر بحث آیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ترسیلاتِ زر کیلئے نئی اسکیم جلد متعارف کرائی جائے گی، گورنر اسٹیٹ بینک

اسلامی بینکاری کے لیے اسٹیئرنگ کمیٹی قائم کر رکھی، اسٹیٹ بینک اپنے فریم کو شریعہ کمپلائنٹ بنانے پر کام کر رہا ہے

بینکرز اور شریعہ اسکالرز میں کپیسٹی بلڈنگ کی ضرورت رہی ہے، جمیل احمد کا نیشنل اسلامک فورم سے خطاب

کراچی (بیورو رپورٹ) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ ترسیلاتِ زر میں مزید ترغیبات کی فراہمی کے لیے ایک نئی اسکیم عنقریب متعارف کروائی جائے گی، مرکزی بینک نے اسلامی بینکاری کیلئے اسٹیئرنگ کمیٹی قائم کر رکھی ہے، اسٹیٹ بینک اپنے فریم کو شریعہ کمپلائنٹ بنانے پر بھرپور کام کر رہا ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو سیلانی ویلفیئر کے تحت نیشنل اسلامک فورم سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

اسلام آباد، وزیر دفاع خواجہ آصف سے امریکہ ناظم الامور نیٹلی بیکر ملاقات کر رہی ہیں

PFF کا جنوبی کوریائی ہاکی ٹیم کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام

پاکستان کھیل دوست ملک، کھلاڑیوں کو دل سے خوش آمدید کہتا ہے، محی الدین وانی

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) پاکستان فٹ بال فیڈریشن (پی ایف ایف) نے خیرسگالی اور بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینے کے لیے بدھ کے روز جنوبی کوریا کی قومی ہاکی ٹیم کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا۔ جنوبی کوریا کی ٹیم جو کہ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے زیراہتمام ایف آئی ایچ سے منظور شدہ انٹرنیشنل ٹیسٹ سیریز کھیلنے پاکستان کے دورے پر موجود ہے۔ پی ایف ایف نے روایتی پاکستانی مہمان نوازی اور باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے پرقار ظہرانے کی تقریب کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر وفاقی سیکرٹری برائے بین الصوبائی رابطہ اور پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے ایرانی بزنس کمیونٹی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

تہران، پاکستانی ایمبیسی میں یوم استحصال کی تقریب سے سفیر خطاب جبکہ دوسری جانب شرکاء قومی ترانہ کے احترام میں کھڑے ہیں

صدر پاکستان ہاکی فیڈریشن محی الدین وانی کے ہمراہ جنوبی کوریائی ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

پاکستان کشمیریوں کی حمایت جاری رکھے گا، طارق فضل چوہدری

بھارت کے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کے اقدام کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے 5 اگست 2019 کو بھارت کی طرف سے اپنے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کے اقدام کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن تاریخ کا سیاہ باب ہے جب بھارت نے یکطرفہ اور غیر قانونی اقدام کے ذریعے جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

نئے صوبوں سے پہلے کرپٹ نظام سے نجات ضروری ہے، امجد نیازی

جنڈانوالا (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کے پولیٹیکل کوآرڈینیٹر امجد علی خان نیازی نے کہا ہے کہ نئے انتظامی صوبوں کا قیام خوش آئند اقدام ہو سکتا ہے، تاہم عوام کے مسائل اس وقت تک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

سیدال خان کا کشمیری عوام کی حقِ خودارادیت کی جدوجہد کو خراج تحسین

عالمی برادری جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں کا نوٹس لے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کشمیری عوام کی حقِ خودارادیت کی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کے غیر قانونی اقدامات عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔ یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019ء تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے، جب بھارت نے یکطرفہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

قیصر احمد شیخ کی ایرانی کاروباری وفد سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے ایرانی سفارتخانے کے حکام کے ہمراہ آئے ایک اعلیٰ سطحی ایرانی کاروباری وفد سے تفصیلی ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

روزنامہ Daily SHEHAR NAMA شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568

Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

بھارت کا 5 اگست کا غیر آئینی و غیر قانونی اقدام!

5 اگست کا دن کشمیری عوام پر بھارت کے غیر قانونی تسلط کے حوالے سے ایک اہم دن ہے۔ آج سے سات برس قبل 2019ء میں اسی دن بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی حکومت نے بھارتی آئین کی دفعات 370 اور 35 اے کو منسوخ کر کے جموں و کشمیر اور لداخ کے علاقوں کو بھارت میں ضم کرنے کی مذموم کوشش کی۔ اس حرکت کے ذریعے ایک طرف مقبوضہ علاقوں کو ہڑپنے کا منصوبہ بنایا گیا تو دوسری جانب ان علاقوں میں موجود مسلم آبادی کے عدم تحفظ کے احساس کو مزید گہرا کرنے کی گھناؤنی سازش کی گئی۔ مودی سرکار نے اپنی اس حرکت کی مخالفت میں اٹھنے والی کشمیری حریت پسندوں کی آوازوں کو دبانے کے لیے مقبوضہ علاقوں میں کرفیو نافذ کر دیا جس کے نفاذ کو آج 2557 دن مکمل ہو گئے ہیں۔ اس دوران مقبوضہ کشمیر میں پچاس لاکھ ہندوؤں کو کشمیری ڈومیسائل دے دیا گیا ہے جس کا مقصد کشمیر کی مسلم اکثریتی آبادی کو اقلیت میں تبدیل کرنا ہے۔ اس سلسلے میں بھارتی مردم شماری کمیشن نے ہندو اکثریت والے کشمیری علاقے کی نشستیں 83 سے بڑھا کر 90 کر دی ہیں اور ہندو اکثریت پر مشتمل ایک نیا ڈویژن بنانے کا بھی فیصلہ کر لیا ہے جس میں کشتوار، اننت ناگ اور کل گام کے اضلاع شامل کیے جا رہے ہیں جبکہ انسانی حقوق کی چیمپئن عالمی تنظیمیں اور عالمی قیادتیں اس بھارتی ہٹ دھرمی پر مکمل خاموشی اختیار کیے بیٹھی ہیں۔ اس حوالے سے سب سے اہم بات یہ ہے کہ مقبوضہ کشمیر کے غیور عوام نے مودی سرکار کی جانب سے 5 اگست 2019ء کو مارے جانے والے شب خون کو یکسر مسترد کیا ہے۔

گزشتہ پون صدی سے زائد عرصے سے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی غیر قانونی قبضے اور مظالم کا سلسلہ جاری ہے۔ اس دوران کشمیریوں پر ہر طرح کے مظالم ڈھائے گئے۔ 1989ء سے اب تک مقبوضہ کشمیر میں 96320 کشمیریوں کی شہادت ہو چکی ہے جس کے نتیجے میں 22974 خواتین بیوہ ہو چکی ہیں۔ اس عرصے میں 11264 خواتین کو مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج اور پولیس کے کارندے زیادتی کا نشانہ بنا چکے ہیں۔ علاوہ ازیں، ایک لاکھ 71 ہزار سے زائد کشمیری بھارتی غیر قانونی طور پر گرفتار ہو چکے ہیں۔ مقبوضہ وادی میں اگست 2019ء سے اب تک 887 افراد شہید کیے جا چکے ہیں اور 25 ہزار کے قریب کشمیریوں کو غیر قانونی طور پر گرفتار کیا گیا ہے۔ 2019ء سے اب تک 19 ہزار کے قریب غیر قانونی چھاپے مارے جا چکے ہیں اور اس دوران 1300 حریت پسند سرکاری ملازمین کو غیر قانونی طور پر نوکری سے نکالا جا چکا ہے اور انڈین سول سروس میں کشمیر کا کوٹا 50 فیصد سے 33 فیصد پر لایا جا چکا ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج کی جانب سے 60 ہزار کنال زمین غیر قانونی طور پر ہتھیائی جا چکی ہے۔ اس کے علاوہ مقبوضہ کشمیر کے شہریوں کو غیر قانونی طور پر دو لاکھ ایکڑ زمین سے محروم کیا جا چکا ہے جبکہ جموں میں چھ ایکڑ اراضی پر غیر قانونی مندر کی تعمیر جاری ہے۔ بھارتی قابض فورسز کی جانب سے 60 ہزار کشمیری خاندانوں کی لسٹ بنائی گئی ہے جن پر زندگی تنگ کرنے کا منصوبہ گھناؤنا ہو چکا ہے۔ چھ برس کے دوران بھارتی حکومت اپنی مکارانہ پالیسی کے تحت مقبوضہ کشمیر میں 32 لاکھ غیر مقامی ووٹرز کا غیر قانونی اندراج کیا جس سے مقامی افراد میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ ایک طرف یہ سب کچھ ہو رہا ہے اور دوسری جانب بھارتی فوج اور پولیس مقبوضہ کشمیر میں ویلج ڈیفنس گارڈز کے نام پر شدت پسند تنظیم راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کے دہشت گردوں میں اسلحے کی بندر بانٹ کر رہی ہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں شراب کے کاروبار کو مودی سرکار عام کرنا چاہتی ہے اور اس غرض سے منشیات کے اڈے قائم کروا رہی ہے۔ اسی طرح، 890 قوانین میں غیر قانونی ترامیم سے بھارتی فاشسٹ حکومت مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں کی نسل کشی کا ارادہ رکھتی ہے۔ بھارتی حکومت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر میں معاشی ترقی کے تمام منصوبے روکے جا چکے ہیں جس کے نتیجے میں مقبوضہ کشمیر میں شہریوں کو روزگار کا ملنا ناممکن ہوتا جا رہا ہے اور شدید ترین معاشی بحران کا خدشہ ہے۔ اسی صورتحال کو سامنے رکھتے ہوئے اقوام متحدہ اپنی مختلف رپورٹس کے ذریعے بھارت کو انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی بنیاد پر کئی بار چارج شیٹ کر چکا ہے۔ مودی سرکار کی جانب سے بھارتی ناجائز زیر قبضہ کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرنے اور اسے دو حصوں میں تقسیم کر کے بھارتی سٹیٹ یونین کا حصہ بنانے کے جبری اقدام کے آج 5 اگست کو سات سال پورے ہو گئے ہیں جبکہ اس جبری اقدام کے خلاف کشمیریوں کی آواز دبانے اور ان کی ممکنہ مزاحمت روکنے کے لیے پوری مقبوضہ وادی کو فوجی محاصرے میں دینے کے بھی آج سات سال مکمل ہو گئے مگر دس لاکھ فوجیوں کی موجودگی میں بھی کشمیریوں نے بھارتی تسلط سے آزادی کی جدوجہد میں کوئی کمی آنے دی نہ بھارتی مظالم کے آگے اپنے حوصلے پست ہونے دیے۔ کشمیری عوام نے، جنھوں نے کشمیر کو خود مختاری دینے کا بھارتی چکمہ بھی کبھی قبول نہیں کیا اور بھارتی تسلط سے آزادی کی صبر آزما اور جانی و مالی قربانیوں سے لبریز بے مثال تحریک گزشتہ پون صدی سے جاری رکھی ہوئی ہے، اس بھارتی جبری اقدام کو بھی یکسر مسترد کیا اور وادیٔ کشمیر کے علاوہ دنیا بھر میں احتجاجی مظاہروں کا سلسلہ شروع کر دیا تو مودی سرکار نے کشمیریوں کی مزاحمت روکنے کے لیے 5 اگست ہی کو مقبوضہ وادی میں مزید دو لاکھ بھارتی فوج بھجوا کر اسے عملاً محصور کر لیا اور باہر کی دنیا سے ان کے رابطے منقطع کرنے کے لیے انٹرنیٹ سروس بھی ان کی دسترس سے نکال لی جبکہ کشمیریوں پر نئے مظالم کا سلسلہ شروع ہو گیا جس کے تحت کشمیر میں کرفیو نافذ کر کے عوام کا گھروں سے باہر نکلنا بھی ناممکن بنا دیا گیا چنانچہ کشمیری عوام اپنے معمولات زندگی سے محروم ہو گئے۔

اس کے برعکس پاکستان نے سفارتی ذرائع اور کوششیں بروئے کار لا کر سلامتی کونسل، یورپی اسمبلی، امریکی کانگریس اور برطانوی پارلیمان سمیت ہر نمائندہ عالمی اور علاقائی فورم تک مظلوم کشمیریوں کی آواز پہنچائی اور بھارتی چہرہ بے نقاب کیا جس سے دنیا کو کشمیر ایشو، اس کے حل کے لیے موجود سلامتی کونسل کی قراردادوں اور ہٹ دھرمی پر مبنی بھارتی اقدامات سمیت بھارتی جبر و تسلط اور مقبوضہ وادی میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں سے آگاہی ہوئی۔ چنانچہ دنیا بھر میں کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کے اظہار اور ان کے حق خود ارادیت کے لیے آواز اٹھانے کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ یو این سلامتی کونسل کے تین ہنگامی اجلاس ہوئے جن میں مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے اس کی قراردادیں روبہ عمل لانے کا تقاضا ہوا اور دنیا بھر میں مختلف نمائندہ فورموں کی جانب سے مقبوضہ وادی کی 5 اگست 2019ء سے پہلے کی آئینی حیثیت کی بحالی کے مطالبات بیک آواز سامنے آنے لگے۔

یومِ شہدائے پولیس!

ملکہ کوھسار

امتیاز احمد عباسی

Sheharnama@gmail.com

صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے یومِ شہدائے پولیس پر اپنے پیغام میں پولیس کے اُن بہادر افسروں اور اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے جنہوں نے ملک کے اَمن اور سلامتی کے لئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے۔ اُنہوں نے کہا کہ پولیس جرائم، دہشت گردی اور پُرتشدد انتہاء پسندی کے خلاف صفِ اول میں خدمات انجام دے رہی ہے اور پیشہ ورانہ مہارت و مؤثر حکمتِ عملی کے ذریعے جرائم پیشہ اور انتہاء پسند عناصر کے متعدد نیٹ ورکوں کو ناکام بنا چکی ہے۔ صدرِ مملکت نے کہا کہ پولیس کے افسروں اور اہلکاروں بالخصوص خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں خدمات سر انجام دینے والوں نے دہشت گردوں اور اُن کے غیر ملکی سرپرستوں کے خلاف کارروائیوں میں مؤثر اور فیصلہ کُن کردار ادا کیا ہے۔ اُنہوں نے پولیس شہداء کے اہلِ خانہ کے صبر اور استقامت کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اُن کی فلاح و بہبود کے علاوہ اُن کی سماجی اور معاشی معاونت ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ جنابِ صدر نے اِس عزم کا اظہار بھی کیا کہ پولیس کے اداروں کو جدید ٹیکنالوجی، بہتر تربیت اور ضروری وسائل کی فراہمی کے ذریعے مزید مضبوط اور مؤثر بنایا جائے گا تا کہ اہلکار اعتماد اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کر سکیں۔ ہر سال چار اگست کو منائے جانے والے یومِ شہدائے پولیس پر وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے پیغام میں پولیس کے جانباز افسروں اور اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی، انتہاء پسندی اور جرائم کے خلاف جنگ میں پولیس نے نہ صرف ہمیشہ ہراول دستے کا کردار ادا کیا بلکہ غیر متزلزل عزم کا مظاہرہ بھی کیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ پولیس شہداء کی نا قابلِ فراموش قربانیوں نے شہریوں کے جان اور مال کے تحفظ، قانون کی بالادستی اور ملک میں امن و امان کے قیام میں کلیدی کردار ادا کیا ہے جبکہ اُن کی بے لوث خدمات نے آنے والی نسلوں کے لئے محفوظ اور روشن مستقبل کی راہ ہموار کی۔ وزیراعظم نے شہداء کے اہلِ خانہ کے صبر، استقامت اور حوصلے کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اُن کی قربانیاں پوری قوم کی مشترکہ قربانیاں ہیں، شہداء کے خاندانوں کی فلاح و بہبود اور ہر ممکن معاونت حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ حکومت شہداء کے اہلِ خانہ کو معیاری تعلیم، صحت کی بہترین سہولیات اور دیگر فلاحی اقدامات سمیت ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کے لئے پُرعزم ہے۔ وزیراعظم کا یہ بھی کہنا تھا کہ پولیس کو جدید وسائل اور ضروری سہولیات سے آراستہ کر کے اُس کی پیشہ ورانہ استعداد مزید مضبوط بنائی جائے گی۔ اُنہوں نے قانون کی بالادستی، انصاف کے تحفظ، دہشت گردی اور جرائم کے مکمل خاتمے اور پُرامن، محفوظ اور خوشحال پاکستان کے لئے مشترکہ عزم کی تجدید کی اہمیت پر زور بھی دیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے یومِ پولیس شہداء کے موقع پر نیشنل پولیس بیورو کا دورہ کرنے کے علاوہ ایک اہم اجلاس کی صدارت بھی کی جس میں ملک بھر کے پولیس شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ ملک میں اَمن کے قیام اور جرائم کے خاتمے کیلئے پولیس شہداء کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ پولیس شہداء قوم کے سر کا تاج ہیں، اُن کا احسان چکایا ہی نہیں جا سکتا، حکومت شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور ہمیشہ کھڑی رہے گی۔

گزشتہ سال اِسی دن کے موقع پر جاری کیے گئے پیغام میں جنابِ وزیراعظم نے کہا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں آٹھ ہزار سے زائد پولیس افسر اور اہلکار وطن کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں۔ اُنہوں نے اُس وقت بھی پولیس کو دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صفِ اول کی دفاعی قوت قرار دیتے ہوئے شہداء اور اُن کے خاندانوں کو خراجِ تحسین پیش کیا تھا۔ دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی کم و بیش دو دہائیوں سے جاری اِس جنگ کی بھاری قیمت ادا کرنے والے اداروں میں پولیس سرِفہرست ہے۔ خیبر پختونخوا، بلوچستان، پنجاب، سندھ اور آزاد جموں و کشمیر کی پولیس نے دہشت گردی، انتہاء پسندی، ٹارگٹ کلنگ کے علاوہ اَمن و امان کے قیام کے دوران ہزاروں افسروں اور اہلکاروں کی قربانیاں دی ہیں۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق دہشت گردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا پولیس کے دو ہزار 289 سے زائد افسر اور اہلکار شہید ہو چکے ہیں جبکہ پنجاب پولیس کے مجموعی شہداء کی تعداد ایک ہزار 700 سے تجاوز کر چکی ہے۔ سندھ اور بلوچستان کے علاوہ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے بھی ہزاروں پولیس افسر اور اہلکار ملک کے اَمن پر اپنی جانیں نچھاور کر چکے ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ پولیس شہروں، بازاروں، عبادت گاہوں، سرکاری تنصیبات اور عوامی مقامات کی حفاظت کرتے ہوئے روزانہ کی بنیاد پر دہشت گردی کا سامنا کرتی ہے۔ پولیس اہلکار دہشت گردی کے خلاف دفاع کی پہلی صف میں اِس لئے بھی نمایاں ہیں کہ اُنہیں عام شہریوں کے درمیان رہتے ہوئے خطرے کا مقابلہ کرنا پڑتا ہے لہٰذا ریاست اور سیاسی قیادت کے لئے ضروری ہے کہ پولیس کی قربانیوں کو محض یومِ شہداء کی تقریبات اور تعریفی بیانات تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ پولیس کو جدید تربیت، ٹیکنالوجی، انٹیلی جنس، حفاظتی ساز و سامان، بہتر معاوضے اور شہداء کے خاندانوں کیلئے مستقل فلاحی نظام فراہم کیا جائے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیابی اُن اداروں کو مضبوط بنانے سے ممکن ہو پائے گی جو شہریوں کی روزمرہ حفاظت کی ذمہ داری نبھاتے ہیں۔ ملک میں پائیدار اَمن کے قیام کیلئے پولیس کو محض انتظامی فورس سمجھنے کے بجائے قومی سلامتی کے بنیادی حصے کے طور پر دیکھنا ہوگا۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری ہے کہ پولیس کیلئے وسائل مختص کرنے کے ساتھ ساتھ اِس کے احتساب، میرٹ اور پیشہ ورانہ خود مختاری کو بھی یقینی بنائیں۔

جنازے پر تلافی یا زندگی میں معافی؟

ان کہی

نسیم شاہد

nasimshahid7@hotmail.com

کل بھی وہی ہوا جو اکثر ہوتا ہے۔ نمازِ جنازہ کے بعد متوفی کے ورثاء نے اعلان کیا مرحوم نے اگر کسی کا کچھ دینا ہو تو وہ ہم سے رابطہ کرے، ہم ادا کر دیں گے، پھر یہ بھی کہا جاتا ہے سب بھائیوں سے یہ بھی درخواست ہے اگر کسی کے ساتھ زیادتی یا ظلم ہوا ہے تو راہِ خدا مرحوم کو معاف کر دیں۔ بادی النظر میں یہ بہت اعلیٰ روایات ہیں، مگر کیا ان میں ہم زندہ لوگوں اور آنکھ والوں کے لئے عبرت کی نشانیاں نہیں ہیں۔ پہلا سوال تو یہی ہے کیا کسی کا گناہ کوئی دوسرا معافی مانگ کے زائل کر سکتا ہے؟ کیا مرنے کے بعد لوگ اپنے دیئے ہوئے پیسے امانتیں مانگنے آتے ہیں؟ نہیں صاحبو! یہ صرف رسمی باتیں ہیں۔ اپنے اعمال کا انسان خود ذمہ دار ہوتا ہے۔ میرے نزدیک نمازِ جنازہ کے وقت اس قسم کی باتیں دنیا داری کا ایک عمل ہوتی ہیں ان کا قبر یا آخرت کے معاملات سے کوئی لینا دینا نہیں، زندگی کا باب جب بند ہو جاتا ہے تو دنیاوی حساب کتاب کا رجسٹر ڈ بھی بند کر دیا جاتا ہے جو ہونا ہے اسی کے مطابق ہونا ہے۔ اس حقیقت کو اگر انسان سمجھ لے تو معاملات کو اپنی زندگی ہی میں سیدھا رکھے۔ برسوں پہلے لاہور میں یہ واقعہ بھی پیش آیا تھا کہ ایک ہاؤسنگ کالونی کا بلڈر انتقال کر گیا تو اس سے پیسے لینے والوں نے اُس کی نعش نہیں دفن ہونے دی تھی کہ جب تک انہیں لٹے گئے پیسے نہیں دیئے جاتے، نعش باہر پڑی رہے گی۔ یہ بات بھی غلط تھی البتہ عبرت کا مقام ضرور تھا کہ اربوں روپے لوٹنے والا خالی ہاتھ چلا گیا تھا اور دفنانے کے لئے دو گز زمین بھی نہیں مل رہی تھی۔ اس حوالے سے وہ اگر اپنی زندگی میں سوچتا تو شاید سکون کی مدت مرتا اور اُس کا جسدِ خاکی بھی یوں کھلے آسمان تلے نہ پڑا رہتا۔ کہنے کو یہ زندگی بہت طویل نظر آتی ہے۔ خاص طور پر جو لوگ دوسروں کا حق مارتے ہیں اُنہیں یہ لگتا ہے مرنا ہی نہیں ہے۔ اُن کے سامنے یہ شعر بھی رہتا ہے اور پڑھتے ہوئے بھی لوگ اُن کی زندگی میں آتے ہیں۔

مٹے ناموں کے نشاں کیسے کیسے
زمیں کھا گئی آسماں کیسے کیسے

لواحقین اتارنے کا وعدہ کر رہے ہوتے ہیں۔ ایک بار ایسے ہی جنازے پر میرے ساتھ معروف کالم نگار اظہر سلیم مجوکہ نے پوچھا کیا نمازِ جنازہ میں شریک اس ایک ہزار بندے میں سے کسی ایک نے بھی اس اعلان سے یہ سبق سیکھا ہو گا کہ اپنے سارے قرض اتار دوں، اپنے سب گناہوں اور زیادتیوں کی معافی مانگ لوں تا کہ میری نمازِ جنازہ کے موقع پر لواحقین کو یہ اعلان کرنے کی نوبت پیش نہ آئے۔ میں نے جواب دیا ہم سمیت کوئی بھی نہیں، کیونکہ ہم سب گور پیا کوئی ہو، کے چکر میں پڑے رہتے ہیں مرنا یاد نہیں رہتا، حالانکہ نمازِ جنازہ کا سب سے بڑا سبق ہی یہ ہے کہ ہم اپنی مدت کو یاد رکھیں لیکن ایسا ہوتا نہیں۔ نمازِ جنازہ کے بعد سب اپنی دنیا کی طرف لوٹ جاتے ہیں۔ ایک مرتبہ میں اپنے سکول کے استاد اللہ بخش صاحب کے پاس بیٹھا تھا۔ وہ کافی پریشان تھے، میں نے ڈرتے ڈرتے وجہ پوچھی تو انہوں نے وجہ بتا کر مجھے حیران کر دیا۔ کہنے لگے میں اپنے ایک دوست کی نمازِ جنازہ پڑھ کر آیا ہوں۔ جب میرے دوست کے بیٹوں نے یہ اعلان کیا جس نے ہمارے والا صاحب سے کچھ لینا ہے، ہم سے لے سکتا ہے، تو مجھ پر سکتہ طاری ہو گیا۔ میرا تو کوئی بیٹا بھی نہیں تاہم اس سے بھی زیادہ جو چیز مجھے پریشان کر رہی ہے وہ یہ خیال ہے کہ کیسے یاد کروں میں نے کسی کو کچھ دینا ہے یا نہیں، میرے پاس تو کوئی ایسی ڈائری ہی نہیں جس سے پتہ چل سکے۔ میں نے کہا، سر بلاوجہ پریشان نہ ہوں، آپ نے کسی کا کچھ دینا ہی نہیں اس لئے تو یاد نہیں آ رہا۔ کہنے لگے نسیم میاں اتنی طویل زندگی گذاری ہے کہاں یاد رہتا ہے، مگر اوپر والے کی ڈائری میں تو سب کچھ لکھا ہوتا ہے۔ پہلی سانس سے لے کر آخری سانس تک حساب تو اُس لکھے کا ہونا ہے اور میرے پاس مہلت اُس وقت تک ہے جب تک زندہ ہوں کہ اپنی غلطیوں کی تلافی کروں۔ اب اگر مجھے یاد ہی نہیں کہ میں نے کسی کا کیا حق دینا ہے یا کیا زیادتی کی ہے، جس کی معافی مانگنی ہے تو گویا میں تو ایک پکڑ میں آ گیا ہوں۔ انہوں نے کہا اس سے ایک سبق ملتا ہے جس کا حق دینا ہے فوراً ادا کر دو اور کسی کے ساتھ ظلم کیا ہے تو فوراً اُس سے معافی مانگو۔ ممکن ہے اُس وقت تم اتنے طاقتور ہو کہ وہ تمہارا کچھ نہ بگاڑ سکے، مگر جو اوپر والے کی کتاب میں لکھا جا رہا ہے وہ اگر زندگی میں نہ مٹایا تو پھر تمہارے جنازے پر لواحقین لاکھ معافیاں مانگتے رہیں کچھ نہیں بننے والا۔ میں یہ سن کر کانپ سا گیا۔

صحافتی زندگی میں ایسے بے شمار واقعات اور بے شمار کرداروں سے آشنا ہوا ہوں جو اپنے وقت کے ڈان مشہور تھے۔ خیر اب بھی آپ کسی بھی شہر کی کچہری میں چلے جائیں ظالم و مظلوم کے جھگڑے و کردار وہاں ملیں گے، ظالموں کو مرنے کا ڈر نہیں اور نہ ہی یہ فکر ہے کہ اللہ کی پکڑ میں آ جائیں گے، جنازوں میں وہ بھی شریک ہوتے ہوں گے مگر انہیں اس اعلان پر جھٹکا نہیں لگتا ہو گا جو مرنے والے کے ورثاء لین دین کے حوالے سے کرتے ہیں۔ وہ تو یہی سوچتے ہوں گے کوئی بات نہیں ہم تو اتنا چھوڑ کے مریں گے کہ دو چار دعویدار آ بھی گئے تو ورثاء آسانی سے اُن کا قرض ادا کریں گے۔ یہ حساب کتاب کا دنیاوی طریقہ تو ہو سکتا ہے لیکن رب کی پکڑ تو بہت سخت ہے۔ اس سے بچنے کا تو ایک ہی راستہ ہے کہ اللہ اور اُس کی مخلوق کے ساتھ معاملات صاف رکھو۔ یہ تو ممکن نہیں کہ ساری زندگی دنیا میں لوگوں کو لوٹتے، اُن پر ظلم کرتے گذار دو، گناہوں کی گٹھڑی اپنے ساتھ لے کر قبر میں چلے جاؤ اور لواحقین صرف یہ اعلان کر کے تمہاری نجات کا سامان کر دیں کہ جس کسی نے کچھ لینا ہو وہ ہمیں بتائے ادا کریں گے، پیسہ تو ادا کر دیں گے مگر جو زیادتیاں کیں، ظلم کئے اُن کی معافی تو صرف اوپر والا ہی دے گا۔ اس بات کو بھولنے والے یقیناً خسارے میں ہے۔

جھرلو سیاست جاری رہے گی

کرنٹ افیئرز

مصطفیٰ کمال پاشا

ہماری قومی تاریخ کا پہلا الیکشن 1951ء میں منعقد ہوا۔ مسلم لیگی حکمرانوں نے، مسلم لیگی سیاستدانوں نے الیکشن میں دھاندلیوں کی ایک عظیم الشان تاریخ رقم کی۔ انتظامیہ اور عدلیہ کو ساتھ ملا کر ایسا جھرلو پھیرا گیا کہ الامان۔ الحفیظ ہو گیا۔ جھرلو سیاست ایسے ہماری قومی سیاست میں آ بیٹھی کہ 75 سال گزرنے کے باوجود ہم اس سے گلو خلاصی نہیں کر سکے۔ جھرلو نے ہماری قومی سیاست میں کچھ اس طرح گند ڈالا کہ آج سیاست مکمل طور پر اس گند میں لتھڑی ہوئی نظر آ رہی ہے ہر سیاسی جماعت اس فن میں ایسا یدطولیٰ رکھتی ہے کہ وہ مطلوبہ نتائج بڑی صفائی سے حاصل کر لیتی ہے۔ ہماری سول و ملٹری بیورو کریسی اس کھیل میں شامل ہو چکی ہے۔ آج کے خیبر پختونخوا میں انتخابی دھاندلی کی بنیاد مسلم لیگی رہنما خان عبدالقیوم خان نے رکھی، آپ مسلم لیگ میں شامل ہونے سے پہلے دس سال تک 1935ء تا 1945ء آل انڈیا کانگریس کے سرکردہ اور فعال رہنما تھے لیکن جب انہوں نے مسلم لیگ جائن کی تو یہاں قیام پاکستان کے لئے انتھک کاوشیں کیں۔ ریفرنڈم میں بہت محنت کی، حتیٰ کہ صوبہ سرحد پاکستان میں شامل ہو گیا قیام پاکستان کے وقت یہاں خدائی خدمت گار خان صاحب کی کانگریسی حکومت بھی خان صاحب باچا خان کی تحریک کے متاثرین میں سے تھے۔ باچا خان تحریک آزادی ہند کے دوران کانگریس کے فکری و عملی ساتھی تھے یہی وجہ ہے کہ جب 1947ء میں پاکستان بنا تو فرنٹیئر میں خان صاحب کی حکومت قائم رہنے کا کوئی جواز نہیں بنتا تھا ان کی حکومت برطرف کر کے قائداعظم نے خان قیوم کو صوبہ سرحد کا مسلم لیگی وزیر اعلیٰ مقرر کیا۔ مسلم لیگ کے پرانے کارکنان اور رہنماؤں نے انہیں وزیر اعلیٰ ہی تسلیم نہیں کیا۔ پیر صاحب مانکی شریف ایسے ہی مسلم لیگی رہنماؤں میں شامل تھے۔ خان قیوم نے خدائی خدمتگار رہنما باچا خان اور ان کے ماننے والوں پر ہی نہیں جیلوں کے دروازے کھولے بلکہ مسلم لیگی رہنماؤں کو بھی آڑے ہاتھوں لیا۔ ناراض مسلم لیگی رہنماؤں نے جناح عوامی مسلم لیگ قائم کی اور خان قیوم کے خلاف سیاسی محاذ قائم کیا۔ خان قیوم نے انتخابات میں جو دھاندلی کی وہ ہماری تاریخ کا ایک شرمناک باب ہے ایسا ہی کچھ پنجاب میں مسلم لیگ نے کیا جھرلو کا محاورہ ایسا مشہور ہوا کہ ہمارے سیاسی ضمیر کا جزو لاینفک بن کر آج بھی ہمیں چڑا رہا ہے۔ مسلم لیگی دور حکمرانی 1958ء کے مارشل لاء پر منتج ہوا۔ جنرل ایوب خان کی صورت میں فوج ہماری سیاست پر غالب آ گئی ملٹری بیورو کریسی نے ہماری سیاست پر کچھ اس طرح غلبہ پا لیا کہ سیاست کہیں غائب ہو گئی دور حاضر کا پاپولر "سیاستدان" عمران خان اپنے معاملات درست کرنے کے لئے، رہائی پانے کے لئے، فوج کے ساتھ ہی بات چیت کرنا چاہتا ہے وہ سیاستدانوں کو اہمیت ہی نہیں دیتا، وہ انہیں بے اختیار، لاچار اور محکوم سمجھتا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ جس طرح فیلڈ مارشل کے بارے میں اظہار محبت کرتے ہیں وہ کسی فوج کے سربراہ کے لئے ہوتا ہے یا ایک با اختیار حکمران کے لئے۔

جنرل ایوب خان نے انتخابات کرائے۔ بی ڈی ممبران کے ذریعے کرائے وہ جس طرح صدر بنے کیا وہ ہماری تاریخ میں رقم نہیں ہے۔ صدارتی انتخابات کے دوران انہوں نے مادر ملت کے خلاف جو رویہ اختیار کیا کیا وہ شرمناک نہیں۔ انتخابات میں دھاندلی کرائی گئی۔ انتخابات نتیجہ سامنے رکھ کر کرائے گئے۔ پھر ہم نے دیکھا کہ ایوب خان جاتے جاتے خود اپنے ہاتھوں اپنا تخلیق کردہ 1962ء کا دستور دفن کر گئے۔ جنرل یحییٰ نے 1970ء کے انتخابات میں جو کچھ کیا اپنے اقتدار کو جاری و ساری رکھنے کے لئے جو سازش کی اس کے نتیجے میں ملک دولخت ہو گیا۔ پھر 1977ء کے انتخابات میں پاپولر وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے جھرلو پھیرنے کی کوشش کی تو اپوزیشن نے ملک گیر تحریک شروع کر دی جس کے نتیجے میں جولائی 1977ء میں جنرل ضیاء الحق کا مارشل لاء قوم پر مسلط ہو گیا۔ جنرل ضیاء الحق نے اسلامی ریفرنڈم کرایا صرف اپنے اقتدار کو دوام بخشنے کے لئے۔ 1985ء کے غیر جماعتی انتخابات کرائے اور قومی سیاست میں فرقہ واریت، برادری ازم اور دولت کے غیر منصفانہ استعمال کو فروغ دیا۔

اس کے بعد 1988ء کے انتخابات ہوئے تو ایک نئے سیاسی دور کا آغاز۔ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کی اقتدار کی رسہ کشی شروع ہو گئی۔ سول اور ملٹری بیورو کریسی بھی اس کھیل میں شریک ہوئی۔ ویسے وہ اس سے پہلے بھی سیاست میں دخیل رہی تھی۔ 1990ء، 1993ء اور 1997ء کے انتخابات ہوئے، ہارنے والے فریق نے اپنی ہار تسلیم نہیں کی اور جیتنے والے پر دھاندلی کا الزام لگایا۔ بے نظیر بھٹو اور نواز شریف کے درمیان اقتدار کی رسہ کشی گیارہ سال تک چلتی رہی۔ سیاستدانوں کی حماقتوں اور ریاستی سازشوں کے نتیجے میں اس دوران کوئی بھی اسمبلی اپنی مدت پوری نہ کر سکی، حتیٰ کہ 12 مئی 1999ء میں جنرل مشرف کے سیاسی عمل پر ضرب لگائی اور مارشل لاء کے ذریعے سب کچھ ختم کر دیا۔ جنرل مشرف کا دور حکمرانی 6 ستمبر 2008ء تک چلتا رہا حتیٰ کہ آصف علی زرداری نے صدر مملکت کا عہدہ سنبھالا۔ جنرل مشرف نے 2002ء اور 2008ء میں انتخابات کرائے۔ ہماری سیاسی تاریخ میں بے نظیر بھٹو اور محمد نواز شریف کے درمیان 14 مئی 2006ء میں ہونے والا میثاق جمہوریت ایک اہم سیاسی دستاویز ہے دو بڑے سیاستدانوں نے تاریخ سے جو سبق سیکھا اس کا نتیجہ یہ دستاویز ہے دونوں نے جمہوری عمل کو آگے بڑھانے اور ملٹری اسٹیبلشمنٹ سے دور رہنے کا اقرار کیا۔ شومئی قسمت بے نظیر 27 دسمبر 2007ء میں شہید کر دی گئیں۔ 2008ء میں انتخابات ہوئے پیپلز پارٹی برسر اقتدار آئی۔ 2013ء کے انتخابات کے نتیجے میں مسلم لیگ اقتدار میں آئی۔ انتخابی عمل پر سوالات اٹھائے گئے۔ عمران خان میدان میں اتارے گئے۔ 2018ء میں آر ٹی ایس کے ذریعے انتخابی نتائج بدلے گئے۔ 2024ء کے انتخابات میں عمران خان کو اقتدار سے دور رکھا گیا۔ پیپلز پارٹی اور ن لیگ اب کشمیر انتخابات میں ایک دوسرے کے مد مقابل ہیں دونوں ایک دوسرے کے اتحادی ہیں۔ پیپلز پارٹی ن لیگ پر کشمیر انتخابات چرانے کا الزام لگا رہی ہے حالانکہ آزاد کشمیر میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے۔ گلگت بلتستان میں پیپلز پارٹی کی حکومت قائم ہوئی تو اسے پیپلز پارٹی نے درست انتخابات کا نتیجہ قرار دیا۔ اب کشمیر میں پیپلز پارٹی کی حکومت قائم ہوتی نظر نہیں آ رہی ہے تو پیپلز پارٹی انتخابات کے نتائج تسلیم کرنے سے انکاری ہے۔

جھرلو سیاست جاری ہے اور جاری رہے گی۔

فرمودات قائد



پاکستان قائم رہنے کیلئے بنا ہے اور ہمیشہ قائم رہیگا لیکن دو آزاد، مساوی اور خودمختار مملکتوں کی حیثیت میں ہم بھارت سے دوستی یا معاہدہ کرنے پر ہمیشہ تیار ہیں، جس طرح کہ ہم دنیا کے اور ملکوں سے معاہدے کر سکتے ہیں۔

(رائٹر کے نمائندے سے انٹرویو 25 اکتوبر 1947ء)

SHEHAR NAMA شہرنامہ

فن و ثقافت

ارمیلا ماتونڈکر کی فلمساز کے ساتھ خفیہ شادی کا انکشاف

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) معروف بھارتی فلم ساز رام گوپال ورما اور اداکارہ ارمیلا ماتونڈکر کے درمیان 90 کی دہائی میں ڈیٹنگ کی افواہیں تھیں اور اب دونوں ایک بار پھر سرخیوں میں آ گئے ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک سینئر بھارتی صحافی نے دعویٰ کیا ہے کہ اس جوڑے نے مبینہ طور پر تعلقات کے دوران خفیہ شادی کر لی تھی۔ ایک یوٹیوب چینل پر گفتگو کرتے ہوئے بالی وڈ کے سینئر صحافی جیوتی وینکٹیش نے بتایا کہ یہ معلومات انہیں چرنجیوی سے اس وقت ملیں جب وہ فلم جینٹل مین کے سیٹ پر اداکار سے ملے۔ جیوتی کے مطابق چرنجیوی نے مجھ سے کہا کہ جیوتی، ایک صحافی کے طور پر تم ہر چیز کے بارے میں لکھتے ہو، پھر تم نے رام گوپال ورما اور ارمیلا کی شادی کے بارے میں کیوں نہیں لکھا۔ صحافی نے بتایا کہ جب اس دعوے کے ثبوت کے بارے میں پوچھا تو اداکار نے انکشاف کیا کہ یہ شادی آندھرا پردیش کے ایک مندر میں ہوئی تھی اور انہوں نے اس پجاری کا فون نمبر بھی دیا جس نے یہ رسم ادا کروائی تھی۔ تاہم خبر شائع کرنے سے پہلے وینکٹیش نے شادی کی تصدیق کے لیے ارمیلا کو فون کیا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ارمیلا نے رونا شروع کر دیا اور کہا کہ آپ میرے بارے میں اس طرح کیسے لکھ سکتے ہیں، آپ مجھے اس وقت سے جانتے ہیں جب سے میں نے انڈسٹری میں قدم رکھا تھا۔ صحافی نے بتایا کہ انہوں نے رام گوپال ورما سے بھی موقف کے لیے رابطہ کیا لیکن فلم ساز نے تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا۔ جیوتی وینکٹیش نے رام گوپال ورما اور ارمیلا ماتونڈکر کی مبینہ علیحدگی کی وجہ پر بھی بات کی۔

کنگنا راناوت نے جین زی کو ہیپی فرینڈ شپ ڈے وش کر دیا

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ اداکارہ اور بھارتی سیاست دان کنگنا رناوت نے چند روز قبل جین زی کے خلاف سخت بیان دینے کے بعد اب انہیں 'ہیپی فرینڈ شپ ڈے' وش کیا ہے۔ کنگنا رناوت نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری پر جم میں دو جین زی لڑکیوں سے ہونے والی ملاقات کا ذکر کیا اور بتایا کہ دونوں نے ان سے ڈیجیٹل دور میں زندگی گزارنے اور سوشل میڈیا، انسٹاگرام، ڈیٹنگ ایپس اور مصنوعی ذہانت کو روزمرہ زندگی کا حصہ قرار دیا۔ کنگنا کے مطابق لڑکیوں نے کہا کہ "ہر شخص اپنی زندگی اپنی مرضی سے گزارنے کی آزادی چاہتا ہے"، جس پر انہوں نے جواب دیا کہ "انسان اپنی زندگی اپنی مرضی سے گزارنے کے لیے آزاد ہے، تاہم آزادی کے ساتھ ذمہ داری بھی ضروری ہے۔" اداکارہ نے اپنی پوسٹ میں مزید کہا کہ "بعض معاملات میں آزاد اور قدامت پسند طرزِ زندگی کے درمیان اختلافات سنگین صورت اختیار کر رہے ہیں اور اس کے نتیجے میں بے گناہ بچوں کے متاثر ہونے کے واقعات تشویش کا باعث ہیں۔" کنگنا کے مطابق ان سے گفتگو کرنے والی دونوں لڑکیوں نے بھی اس بات سے اتفاق کیا کہ آزادی کے ساتھ ذمہ داری ضروری ہے۔ اداکارہ نے اپنی پوسٹ کا اختتام 'ہیپی فرینڈ شپ ڈے، میرے جین زی دوستوں' کے پیغام کے ساتھ کیا۔ واضح رہے کہ کنگنا رناوت کا یہ بیان تب آیا جب انہوں نے بھارت میں طلبہ احتجاج کے دوران بعض مظاہرین کے استعمال کیے جانے والے الفاظ اور زبان پر تنقید کرتے ہوئے جنریشن زی کو گٹر کا لقب دیا۔ اس پر ان کو کافی تنقید کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

کرسٹیانو رونالڈو اور جارجینا کی شادی کی تاریخ اور مقام طے پا گیا

ٹورونٹو (مانیٹرنگ ڈیسک) پرتگال کے معروف فٹبالر اور النصر کے اسٹار کرسٹیانو رونالڈو اپنی دیرینہ ساتھی جارجینا روڈریگز کے ساتھ شادی کی تیاریوں میں مصروف ہیں، جبکہ ان کی شادی کی تاریخ اور مقام سے متعلق نئی تفصیلات سامنے آ گئی ہیں۔ برطانوی اخبار 'دی سن' کے مطابق 41 سالہ کرسٹیانو رونالڈو آئندہ ہفتے 32 سالہ جارجینا روڈریگز کے ساتھ پرتگال کے جزیرے مادیرا کے شہر فنشال میں شادی کریں گے۔ رپورٹ کے مطابق شادی کی تقریب فنشال کیتھیڈرل میں منعقد ہو گی، جہاں عام طور پر تقریبات سہ پہر 3 بجے شروع ہوتی ہیں۔ شادی کے بعد استقبالیہ کی تقریب شہر کے معروف فائیو اسٹار 'ساوائے پیلس' ہوٹل میں منعقد کیے جانے کا امکان ہے۔

آریانا گرانڈے نے انڈسٹری سے بریک لے لیا

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) آریانا گرانڈے نے مستقل طور پر شوبز چھوڑنے کے بجائے کچھ عرصے کے لیے عوامی تقریبات اور میڈیا سے دور رہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ امریکی گلوکارہ آریانا گرانڈے کے نمائندے کے مطابق وہ ایٹرنل سن شائن ٹور مکمل کرنے کے بعد عوامی سطح پر اپنی موجودگی محدود کر دیں گی اور کچھ عرصے کے لیے میڈیا، ریڈ کارپٹ تقریبات، تشہیری سرگرمیوں اور دیگر عوامی مصروفیات سے وقفہ لیں گی۔ ان کے نمائندے نے کہا کہ آریانا گرانڈے ٹور کو صحت مند اور خوشگوار انداز میں مکمل کرنے کی منتظر ہیں، جس کے بعد وہ عوامی سطح پر مسلسل ہونے والی تنقید اور جانچ پڑتال سے دور رہنے کے لیے ایک 'ضروری وقفہ' لیں گی۔ اس اعلان میں یہ واضح نہیں کیا گیا کہ عوامی سرگرمیوں سے دور رہنے کی بنیادی وجہ کیا ہے، البتہ نمائندے نے مسلسل عوامی تنقید اور نگرانی کا حوالہ دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق آریانا گرانڈے کے ریٹائرمنٹ لینے کی کوئی تصدیق نہیں ہوئی اور ان کی ٹیم نے بھی کہیں یہ نہیں کہا کہ وہ موسیقی یا اداکاری کا سلسلہ ختم کر رہی ہیں۔ گلوکارہ کی جانب سے صرف میڈیا سے وقفہ لینے کی بات کی گئی ہے، جس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ موسیقی یا دیگر تخلیقی کام مکمل طور پر چھوڑ رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 1

اور رضا کاروں کو متحرک، بااختیار اور منظم کر کے پاکستان میں انسانی خدمت اور کمیونٹی کی استعداد کار کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ نوجوانوں کو رضا کارانہ خدمات، انسانی ہمدردی اور کمیونٹی کی مضبوطی کے فروغ کے ذریعے مثبت تبدیلی کا سفیر بنانا ہے تاکہ بین الاقوامی ریڈ کراس اور ریڈ کریسنٹ تحریک کے بنیادی اصولوں کے مطابق معاشرے کی بہتر خدمت کی جا سکے۔ اس مہم کی تقریب کا انعقاد نیشنل ہیڈ کوارٹرز کے فاطمہ جناح آڈیٹوریم میں کیا گیا۔
پاکستان میں تعینات انٹرنیشنل فیڈریشن آف ریڈ کراس اینڈ ریڈ کریسنٹ سوسائٹیز، ناروے ریڈ کراس اور ترکیہ ریڈ کریسنٹ کے سربراہان، انٹرنیشنل کمیٹی آف دی ریڈ کراس اور جرمن ریڈ کراس کے نمائندگان، ہلال احمر پاکستان کی انتظامیہ، عملے اور ملک بھر سے نوجوان رضا کاروں نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرپرسن محترمہ فرزانہ نائیک نے کہا کہ ریڈ ملین موومنٹ ایک منفرد اقدام ہے۔ کمزور اور ضرورت مند طبقات کی خدمت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور انسانیت ہمارے وجود کا حصہ ہے۔ ضرورت مند انسانوں کی خدمت ایک مقدس فریضہ ہے جو ہلال احمر پاکستان کی شناخت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ صرف ایک مہم نہیں بلکہ ایک قومی تحریک کا آغاز ہے، جو نوجوانوں، رضا کاروں، تعلیمی اداروں، مقامی کمیونٹیز اور شراکت دار اداروں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرے گی تاکہ ایک ملین تربیت یافتہ رضا کاروں کا ایسا مضبوط نیٹ ورک قائم کیا جا سکے جو ہنگامی حالات سے پہلے، دوران اور بعد میں فوری انسانی خدمات انجام دے سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں ہر پاکستانی کو دعوت دیتی ہوں کہ وہ اس تحریک کا حصہ بنے۔ ایک بنیں، ملین کا حصہ بنیں۔ اس سے قبل سیکرٹری جنرل ہلال احمر پاکستان محمد عبیداللہ خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ ریڈ ملین موومنٹ ایک ملین تربیت یافتہ، باصلاحیت اور جذبہ خدمت سے سرشار رضا کار تیار کرنے کے قومی عزم کی عکاس ہے۔ انہوں نے رضا کارانہ خدمات کے فروغ کے لیے چیئرپرسن محترمہ فرزانہ نائیک کی بصیرت افروز قیادت کو سراہا۔
تقریب کے دوران نوجوان رضا کاروں نے شعبہ یوتھ اینڈ والنٹیئر کی سربراہ محترمہ مصباح مشتاق کی زیر نگرانی رضا کارانہ خدمات کا حلف اٹھایا۔ بعد ازاں چیئرپرسن نے انتظامیہ اور موومنٹ پارٹنرز کی موجودگی میں ریڈ ملین موومنٹ کا باقاعدہ افتتاح کیا

بقیہ نمبر 2

مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے افراد کے ساتھ ملاقات کے دوران کیا ہے، ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے مزید کہا کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے اور ریاست کی ذمہ داری ہے کہ اس حق کا ہر صورت تحفظ کیا جائے۔ ایک مضبوط، ترقی یافتہ اور خوشحال پاکستان کی بنیاد معیاری تعلیم پر استوار ہے، معیاری تعلیم کے بغیر نہ صرف طلبہ کا مستقبل متاثر ہوتا ہے بلکہ ملک کا صحت کا نظام بھی کمزور پڑ جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 3

ملزمان کے خلاف اغواء اور بھتہ خوری کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ترجمان راولپنڈی پولیس کے مطابق شہری نے شکایت کی تھی کہ پولیس اہلکار اور اس کے دو ساتھیوں نے مقدمہ درج کرنے کی دھمکی دے کر اسے اغواء کیا اور رقم وصول کرنے کے بعد چھوڑ دیا۔ شکایت موصول ہونے پر انکوائری کی گئی جس میں الزامات درست ثابت ہونے پر تینوں ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے کہا کہ بدعنوانی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس افسران اور اہلکار اپنے کردار اور فرائض کی انجام دہی میں احتیاط برتیں، کیونکہ شہریوں کے ساتھ ظلم، زیادتی یا کرپشن کے معاملے میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملزمان کے خلاف تھانہ چکلالہ میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 4

اہلکار اور اسکے دو ساتھیوں نے مقدمہ درج کرنے کی دھمکی دے کر اغوا کیا اور رقم لے کر چھوڑ دیا، شہری کی شکایت پر سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے نوٹس لیا اور کانسٹیبل محسن ضیاء اور اسکے دو پرائیویٹ ساتھیوں کو انکوائری میں الزامات ثابت ہونے پر سی پی او آفس سے گرفتار کر کے، ملزمان کے خلاف اغوا اور بھتہ خوری کا مقدمہ درج کر لیا، پولیس اہلکار تھانہ چکلالہ میں تعینات تھا۔ سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا کا کہنا تھا کہ بدعنوانی اور اختیارات کا ناجائز استعمال قطعاً برداشت نہیں، پولیس افسران اور اہلکاروں کو اپنے کردار اور فرائض کی انجام دہی میں محتاط ہونا ہوگا، بدعنوانی یا کسی شہری کے ساتھ ظلم و زیادتی پر زیرو ٹالرنس ہے۔

بقیہ نمبر 5

طور پر کیا گیا، نوٹیفکیشن جاری، تفصیلات کے مطابق سوئی ناردرن گیس اتھارٹی نے مانسہرہ ایبٹ آباد اور ہری پور سمیت ہزارہ بھر میں سی این جی لوڈ شیڈنگ کا نیا شیڈول جاری کر دیا ہے جس کے مطابق صبح 6 بجے شام 6 بجے تک 12 گھنٹے سی این جی اسٹیشن کھلے رہیں گے اور گاڑیوں میں فلنگ کا عمل بھی جاری رہے گا جبکہ شام چھ بجے سے صبح چھ بجے تک تمام سی این جیز 12 گھنٹے بند رہیں گے ذرائع کے مطابق سی این جی لوڈ شیڈنگ کا فیصلہ سوئی ناردرن گیس حکام اور سی این جی مالکان کے درمیان ہونے والے مشترکہ اجلاس میں متفقہ طور پر کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 6

اظہار کرتے ہوئے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ مقامی افراد کے مطابق کئی سال قبل اس سڑک پر لینڈ سلائیڈنگ کے باعث حفاظتی دیوار گر گئی تھی، جس کے بعد محکمہ ہائی وے نے متاثرہ مقام پر نئی حفاظتی دیوار تو تعمیر کر دی، تاہم سڑک کے کنارے (شولڈر) کو پختہ نہیں کیا گیا۔ حالیہ شدید بارشوں کے باعث یہ حصہ گہری نالی کی شکل اختیار کر چکا ہے، جس سے سڑک دوبارہ لینڈ سلائیڈنگ کا شکار ہونے کا خدشہ بڑھ گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سڑک کے دائیں جانب نکاسی آب کا مناسب نظام بھی موجود نہیں۔ جنرل بس اسٹینڈ سے سپیشل ہاؤسنگ سوسائٹی تک نالیاں نہ ہونے جبکہ سروے آف پاکستان اور فری لینڈ کے قریب پلوں اور نالیوں کی بندش کے باعث بارش اور سیوریج کا پانی سڑک پر بہتا رہتا ہے۔ مقامی افراد کے مطابق مسلسل پانی بہنے سے سڑک تیزی سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو رہی ہے، جبکہ پیدل چلنے والوں اور گاڑیوں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے صوبائی وزیر مواصلات اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ سڑک کے کنارے کو فوری طور پر پختہ کیا جائے، نکاسی آب کا مؤثر نظام بنایا جائے اور بند نالیوں کی صفائی کر کے ممکنہ لینڈ سلائیڈنگ کے خطرے کو ختم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 7

اور مقامی شہریوں نے بھرپور شرکت کی۔ شرکاء نے پاکستان اور کشمیر کے پرچم اٹھا رکھے تھے اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت، امن، انصاف اور وقار کے لیے اپنی بھرپور حمایت کا اظہار کیا۔ شرکاء کا تقریر کرتے ہوئے کہنا تھا کہ قوموں کی تاریخ میں بعض ایام محض کیلنڈر کی ایک تاریخ نہیں ہوتے بلکہ وہ نسلوں کی اجتماعی یادداشت کا حصہ بن جاتے ہیں۔ پانچ اگست بھی ایک ایسا ہی دن ہے، جس نے نہ صرف مقبوضہ جموں و کشمیر کی سیاسی اور آئینی حیثیت کو متاثر کیا بلکہ جنوبی ایشیا کی سیاست، سفارت کاری اور امن کے امکانات پر بھی گہرے اثرات مرتب کیے۔ واک کے دوران اس امر کو اجاگر کیا گیا کہ 5 اگست 2019 جنوبی ایشیا کی تاریخ کا ایک اہم موڑ ثابت ہوا، جب مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت میں تبدیلی کی گئی۔ اس پیش رفت کے بعد مسئلہ کشمیر ایک بار پھر عالمی سطح پر توجہ کا مرکز بنا اور خطے کے امن، استحکام اور سفارتی ماحول پر اس کے اثرات نمایاں ہوئے۔ شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ مسئلہ جموں و کشمیر جنوبی ایشیا کے اہم ترین تنازعات میں سے ایک ہے، جس کا پائیدار اور پرامن حل اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں، بین الاقوامی قوانین، انصاف اور باہمی مکالمے کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ اس موقع پر کشمیری عوام کی استقامت، قربانیوں اور جدوجہد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے ساتھ پاکستان کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی یکجہتی کا اعادہ بھی کیا گیا۔ واک کے شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ کے لیے انصاف، برداشت اور باہمی احترام کی اقدار کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے اس امید کا بھی اظہار کیا کہ مسئلہ کشمیر کے حوالے سے ایسی کوششیں جاری رہیں گی جو خطے میں دیرپا امن اور عوام کی بہتر مستقبل کی راہ ہموار کریں۔

بقیہ نمبر 8

کی گئی۔ مزید جانچ پڑتال کے لیے 16 مشکوک افراد، 28 موٹر سائیکلیں اور 2 گاڑیاں مختلف تھانوں میں منتقل کر دی گئیں۔ پولیس کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کی خصوصی ہدایات پر زونل ایس پیز کی نگرانی میں یہ سرچ آپریشنز کیے گئے۔ کارروائی کے دوران غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزمان کو گرفتار کر کے مختلف بور کے دو پستول بمعہ ایمونیشن بھی برآمد کیے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سیکورٹی کو مزید موثر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قبضہ مافیا، منشیات فروشوں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ نمبر 9

ورکس، اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ 6 اگست 2026 کو راولپنڈی سٹی سرکل میں صبح 6 بجے سے 10 بجے تک چیئرنگ کراس، گولڑہ، اظہر آباد، زرکون ہائٹس، ڈھوک سلیمان، شمس کالونی، قائد اعظم ہسپتال، جھنگی اور سی ڈبلیو او فیڈرز، اٹک سرکل میں صبح 6 بجے سے 10 بجے تک بہلوٹ فیڈر اور صبح 6 بجے سے دوپہر 12 بجے تک انڈسٹریل اور شفیع چوہان فیڈرز، جبکہ جی ایس او سرکل میں صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک 132 کے وی گرڈ سٹیشن راوت II کے پاور ٹرانسفارمر نمبر 2، صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک 132 کے وی اے ڈبلیو، ایچ ایم سی ٹیکسلا اور 132 کے وی سنگھانی، برہان لائن اور صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک 132 کے وی کھوٹہ سٹی۔ پلندری اور 132 کے وی نیو واہ۔ باہتر موڑ اور ملحقہ علاقوں میں بھی بجلی بند رہے گی۔ کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی فراہمی وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 10

انہوں نے کہا کہ ڈرونز، میزائلوں اور منتشر فضائی دفاعی نظام جیسی غیر متوازن عسکری صلاحیتیں، مصنوعی ذہانت، کمرشل ٹیکنالوجی اور باہم مربوط سینسرز کے ساتھ مل کر فضائی جنگ کے مستقبل کو تبدیل کر رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کم بلندی والے فضائی علاقے، جسے "ایئر لیٹورل" کہا جاتا ہے، کی اہمیت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جسے ایران نے اس تنازع کے دوران موثر انداز میں استعمال کیا۔ انہوں نے زور دیا کہ مستقبل کی جنگوں میں عملی استعداد برقرار رکھنے کے لیے جدت، حالات سے مطابقت پیدا کرنے کی صلاحیت اور مقامی سطح پر ٹیکنالوجی کی ترقی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ دوسرے مقرر، جناب آصف علی درانی (ر)، پاکستان کے سابق سفیر برائے ایران، نے تنازع کے جغرافیائی سیاسی پہلوؤں اور اس سے حاصل ہونے والے اسباق پر گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ دیرپا امن صرف عسکری طاقت کے ذریعے قائم نہیں کیا جا سکتا بلکہ اس کے لیے واضح سیاسی مقاصد، موثر سفارت کاری اور دانشمندانہ جغرافیائی سیاسی حکمت عملی ناگزیر ہے۔ انہوں نے خاص طور پر آبنائے ہرمز میں ایران کی کارروائیوں کے تناظر میں توانائی کے تحفظ کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے بیرونی سلامتی کی ضمانتوں کی ناپائیداری کی طرف بھی توجہ دلائی اور علاقائی سلامتی کے مضبوط نظام اور اعتماد سازی کے اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ تیسرے مقرر، جناب فہد حسین، ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایکسپریس ۲۴/۷ ٹی وی، نے تنازع کے ادراکی محاذ سے متعلق اہم نکات بیان کیے۔ انہوں نے کہا کہ ایران، اسرائیل اور امریکا کے درمیان یہ تنازع صرف میدان جنگ تک محدود نہیں تھا بلکہ یہ بیک وقت جسمانی اور ادراکی دونوں محاذوں پر لڑا گیا، جس میں معلومات پر برتری فیصلہ کن حیثیت اختیار کر گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ مواد، سوشل میڈیا، اوپن سورس انٹیلی جنس، کمرشل سیٹلائٹ تصاویر اور عام شہریوں کی جانب سے اسمارٹ فونز کے بڑھتے ہوئے استعمال نے معلوماتی ماحول کو یکسر تبدیل کر دیا ہے، جس کے نتیجے میں عوامی رائے جدید جنگوں میں ایک اہم تزویراتی مرکز بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں عسکری کامیابی کا انحصار فوجی کارروائیوں اور ادراکی جنگ کے موثر امتزاج پر ہوگا۔ اختتامی کلمات میں ایئر مارشل عاصم سلیمان (ر)، صدر، کیس لاہور، نے کہا کہ ایران، اسرائیل اور امریکا کا تنازع اکیسویں صدی میں جنگ کی بدلتی ہوئی نوعیت کی ایک نمایاں مثال بن کر سامنے آیا ہے، جس نے سرد جنگ کے خاتمے کے بعد عسکری سوچ پر قائم کئی روایتی تصورات کو چیلنج کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب کامیابی کا دار و مدار عسکری صلاحیت، انٹیلی جنس، ٹیکنالوجی، عسکری ڈاکٹرائن اور دفاعی صنعت کو ایک دوسرے کے ساتھ مربوط کرنے، اور سفارت کاری، تزویراتی ابلاغ اور معلوماتی حکمت عملی کو قومی پالیسی کے ساتھ ہم آہنگ کرنے پر ہے۔ انہوں نے معرکہ حق کے دوران پاکستان کے تجربے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی کامیابی فضائی قوت، انٹیلی جنس، الیکٹرانک جنگ، درست نشانہ لگانے کی صلاحیت اور تزویراتی ابلاغ کو ایک مربوط کثیر الجہتی مہم کے طور پر بروئے کار لانے کا نتیجہ تھی۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی موثر قیادت، ذاتی شمولیت اور اختراعی سوچ ۲۰۲۵ کی جنگ میں پاکستان کی کامیابی کا ایک فیصلہ کن عنصر ثابت ہوئی۔ سیمینار کا اختتام ایک بھرپور سوال و جواب کے سیشن پر ہوا، جس میں شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ اکیسویں صدی کی پیچیدہ سلامتی کے چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹنے، قومی استحکام کو مضبوط بنانے اور مستقبل کے خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے تکنیکی جدت، تزویراتی ابلاغ اور مقامی صلاحیتوں کی ترقی پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو چکی ہے

بقیہ نمبر 11

تقریب میں اساتذہ، طلبہ اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی اور کشمیری عوام سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی راولپنڈی نے تقریب میں شرکت کرنے والے تمام مہمانوں، اساتذہ، طلبہ اور شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یوم استحصال کشمیر ہمیں کشمیری عوام کی قربانیوں اور ان کے جائز حق خودارادیت کی یاد دلاتا ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افیسر ایلیمنٹری راولپنڈی محمد عارف کا کہنا تھا کہ کشمیریوں کا پاکستان کے ساتھ دل کا رشتہ ہے

بقیہ نمبر 12

سینیٹر شیری رحمان نے تقریب کے مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی۔ وزارت خارجہ پاکستان کے ترجمان سفیر طاہر اندرابی تقریب کے مہمان اعزاز تھے۔ دیگر مہمان مقررین میں جناب الطاف حسین وانی، چیئرمین کشمیر انسٹیٹیوٹ آف انٹرنیشنل ریلیشنز اور بیرسٹر ندا سلیم، وکیل اور انسانی حقوق کی کارکن شامل تھیں۔ سفیر معین الحق، ڈائریکٹر جنرل آئی ایس ایس آئی اور سفیر خالد محمود، چیئرمین بورڈ آف گورنرز نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔ اپنے کلیدی خطاب میں سینیٹر شیری رحمان نے بھارتی مقبوضہ کشمیر میں رہنے والے کشمیری عوام کی بنیادی انسانی عزت کو پامال کیے جانے پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ انسانی زندگی کا ہر شعبہ بشمول شناخت، ثقافت، مذہب اور جائیداد کی ملکیت، بھارتی جابرانہ حکمرانی کا شکار بن چکا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مسئلہ کشمیر زمین یا علاقے کا نہیں بلکہ کشمیری عوام اور ان کے حق خودارادیت کا مسئلہ ہے۔ سفیر طاہر اندرابی نے کشمیر کے مقصد اور کشمیری عوام کے حقوق و وقار کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کو یاد کرتے ہوئے جن میں رائے شماری کے ذریعے مسئلے کے پرامن حل کی وکالت کی گئی ہے، انہوں نے بھارت کے 5 اگست 2019 کے اقدامات کو غیر قانونی اور یکطرفہ قرار دیا۔ سفیر اندرابی نے عالمی اور علاقائی سطح پر ہر دستیاب فورم پر کشمیر کے مسئلے کو اجاگر کرنے کے لیے پاکستان کی مسلسل کاوشوں پر بھی روشنی ڈالی۔ مقررین نے کہا کہ نئی دہلی کے یکطرفہ آئینی اقدامات جن کا مقصد جموں و کشمیر کی حیثیت کو تبدیل کرنا ہے، بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے خلاف ہیں۔ بھارت اپنے مسلسل جبر، نئے کالے قوانین اور آبادیاتی تبدیلیوں کے ذریعے زمین پر اپنے غیر قانونی قبضے کو طول دینے کی کوشش کر سکتا ہے، لیکن وہ کبھی بھی کشمیری عوام کے دل و دماغ نہیں جیت سکے گا

بقیہ نمبر 13

خلاف کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کرنا تھا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر چارسدہ وقاص الرحمان کی قیادت میں شرکاء نے یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے واک میں حصہ لیا۔ شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت اور بھارتی مظالم کے خلاف نعرے درج تھے۔ تقریب کے دوران مختلف سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے طلبہ نے ملی نغمے، تقاریر اور خوبصورت ٹیبلوز پیش کیے جن میں مقبوضہ کشمیر کے عوام کی جدوجہد، قربانیوں اور آزادی کی خواہش کو موثر انداز میں اجاگر کیا گیا۔ طلبہ نے اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہوئے کشمیری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اور عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مقررین کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر چارسدہ وقاص الرحمان کا کہنا تھا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرنا بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔ پاکستان اور اس کے عوام ہر مشکل گھڑی میں اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے۔ مقررین نے کہا کہ کشمیری عوام کئی دہائیوں سے آزادی کی جدوجہد کر رہے ہیں اور ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

بقیہ نمبر 14

صورتحال، بالخصوص موجودہ سیاسی حالات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی نے کہا کہ ملک کو درپیش مسائل اور مشکلات کی دلدل سے صرف بانی پی ٹی آئی ہی نکال سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی عوام کی آواز ہے اور قانون و آئین کے مطابق انصاف کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملک میں سیاسی استحکام، جمہوری عمل کی مضبوطی اور قومی یکجہتی کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ بیرسٹر گوہر علی نے مزید کہا کہ 5 اگست کو پشاور میں ہونے والے پاکستان تحریک انصاف کے جلسہ عام میں آئندہ کے سیاسی لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا اور پارٹی کارکنوں کو مستقبل کی حکمت عملی سے آگاہ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 15

عوام کی بڑی تعداد سڑکوں پر نکل آئی ہے اور نعرے بازی کی اس موقع پر نمائندوں کا کہنا تھا کہ پورے پاکستان میں عوام کی سڑکوں پر نکل آئی اور لوگوں کی بھرپور شرکت نے یہ ثابت کر دیا کہ عمران خان ہی اس قوم کے مقبول رہنما ہیں۔ عوام اپنے قائد کی حقیقی آزادی اور جمہوریت کی بحالی کے مطالبے کے ساتھ میدان میں موجود ہیں، اور یہ پیغام دے رہے ہیں کہ عوامی آواز کو دبایا نہیں جا سکتا۔

بقیہ نمبر 16

ان خیالات کا اظہار ملک عمران جاوید ڈپٹی پارٹی چیئرمین نے ایک اخباری بیان میں کیا

بقیہ نمبر 17

مجموعی طور پر دوسری پوزیشن حاصل کر کے ادارے، اپنے والدین اور اساتذہ کا نام روشن کر دیا اس نمایاں کامیابی پر ڈی پی ایس راولپنڈی میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اساتذہ طلبہ اور والدین نے میراب حسن کو اس شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے اسے محنت لگن اور بہترین رہنمائی کا ثمر قرار دیا اس موقع پر ادارہ ہذا کی پرنسپل مس ثمینہ خان نے طالبہ ان کے والدین اور اساتذہ کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا میں اس غیر معمولی کامیابی پر اللہ تعالیٰ کی بے حد شکر گزار ہوں اس کامیابی کا اصل سہرا میرے قابل محنتی اور مخلص اساتذہ کی انتھک کاوشوں کو جاتا ہے جنہوں نے طلبہ کی بہترین تربیت اور رہنمائی کو اپنا شعار بنایا ان شاء اللہ آئندہ بھی اسی جذبے اور محنت کے ساتھ مزید شاندار نتائج دے کر ادارے اور راولپنڈی کا نام روشن کرتے رہیں گے انہوں نے مزید کہا کہ ڈی پی ایس راولپنڈی ہمیشہ معیاری تعلیم بہترین تدریسی ماحول اور کردار سازی پر یقین رکھتا ہے اور یہی عوامل ادارے کی مسلسل کامیابیوں کی بنیاد ہیں میراب حسن کی یہ کامیابی دیگر طلبہ کے لیے بھی ایک روشن مثال ہے کہ محنت، مستقل مزاجی اور اساتذہ کی رہنمائی سے ہر منزل حاصل کی جا سکتی ہے

بقیہ نمبر 18

شاہ۔ نور شرارلی۔ عمران رشدی۔ جھلک علی۔ مفتی عتیق۔ طاہر ڈیلر برادر پاکستان عوامی قوت پارٹی پنجاب کے صدر سید شاہد گیلانی شامل تھے۔ خاقان وحید خواجہ نے صحافیوں اور فنکاروں کو اپنی پارٹی کی پالیسیوں اور منشور پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان عوامی قوت پارٹی جہاں صحت۔ ٹیکنیکل تعلیم اور روزگار پر کام کر رہی ہے وہاں شعبہ صحافت اور شعبہ ثقافت کی بہتری کے لیے بھی کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ان دونوں شعبوں کو بہت اہمیت دیتے ہیں اور ہماری کوشش ہوگی کہ ہم انہیں اس معاشرے میں شعور اجاگر کرنے کے لیے اچھا پلیٹ فارم دیں اور وہ پلیٹ فارم پاکستان عوامی قوت پارٹی ہے۔ ڈولفن کمیونیکیشن کی سی ای او معروف ڈرامہ ڈائریکٹر محترمہ عاصمہ بٹ اور نیوٹی وی کے بیورو چیف راولپنڈی خالد چوہدری سمیت دیگر صحافیوں اور فنکاروں نے پاکستان عوامی قوت پارٹی کے منشور، بیانیے اور آئندہ کے پروگرام پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ اس وقت ملک میں آپ جیسے لیڈر کے ویژن کی ضرورت ہے۔ اور ہم فنکار برادری اور صحافی برادری آپ کے اس مشن کو آگے بڑھانے میں اپنا اپنا حصہ ڈالنے کی کوشش کریں گے

بقیہ نمبر 19

شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی۔ تقریب میں وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و ریاستیں و سرحدی امور انجینئر امیر مقام اور وفاقی وزیر برائے قومی صحت مصطفیٰ کمال نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر مختلف وفاقی اداروں کے نمائندوں کے ساتھ NAVTTC کے افسران اور ملازمین بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ NAVTTC کے شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے حق خودارادیت کی حمایت، بھارتی غیر قانونی اقدامات کی مذمت اور کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے پیغامات درج تھے۔ ریلی کے دوران شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا اور ان کے حق خودارادیت کی جدوجہد میں ہمیشہ ان کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ NAVTTC کی قیادت اور ملازمین نے اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا کہ قومی یکجہتی، اتحاد اور قومی اہمیت کے مواقع پر ادارہ ہمیشہ اپنا فعال کردار ادا کرتا رہے گا۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق خودارادیت دلانے کے لیے موثر اقدامات کرے

بقیہ نمبر 20

یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب ایجنسی نہ صرف شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنے کے لیے سرگرم عمل ہے بلکہ قومی یکجہتی اور قومی اہمیت کے تمام مواقع پر بھی بھرپور انداز میں اپنا کردار ادا کرتی رہے گی بعد ازاں یوم استحصال کشمیر کے سلسلے میں ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کے زیر اہتمام ایران روڈ پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی اور یکجہتی واک کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ستھرا پنجاب ایجنسی کے ہیڈ آفس اور ایران روڈ پر خصوصی بینرز آویزاں کیے گئے، جن پر "کشمیر بنے گا پاکستان"، "بھارتی مظالم بند کرو"، "اقوام متحدہ اپنی قراردادوں پر عمل درآمد کرائے" اور "ہم کشمیری عوام کے ساتھ ہیں" جیسے پیغامات درج تھے۔ واک کے شرکاء نے ہاتھوں میں پاکستان اور آزاد کشمیر کے پرچم اٹھا رکھے تھے اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے حق میں اور مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی افواج کے مظالم کے خلاف بھرپور نعرے بازی کی۔ شرکاء نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق خودارادیت دلانے کے لیے موثر کردار ادا کرے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر، ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالرحمن، اسسٹنٹ کمشنر کینٹ سعدالرحمن اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی راولپنڈی کے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ایچ آر) ڈاکٹر حسین شاہ ترمذی سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 21

لیے جاری کارروائیوں کے دوران تھانہ بنی گالا، بہارہ کہو، ترنول، سنبل اور شالیمار پولیس نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 9 ملزمان کو گرفتار کیا۔ ملزمان کے قبضے سے 126 گرام آئس، 859 بوتل شراب، مختلف بور کے 6 پستول، ایک کلاشنکوف اور بڑی مقدار میں ایمونیشن برآمد کیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں اشتہاری مجرمان، سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزمان اور عدالتی مفروروں کے خلاف خصوصی مہم کے دوران مزید 8 ملزمان کو بھی گرفتار کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے ہر وقت متحرک ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور کسی کو بھی شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 22

وزارتوں اور سی ڈی اے کے سینئر حکام کی عدم شرکت پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے قرار دیا کہ اس طرز عمل سے پارلیمانی نگرانی کے عمل کو سنجیدگی سے نہ لینے کا تاثر ملتا ہے۔ کمیٹی نے اس معاملے کو نہایت سنجیدگی سے لیا۔ اجلاس میں معائنہ کمیٹی نے 104 نئے پارلیمنٹ لاجز کی تعمیر سے متعلق اپنی رپورٹ پیش کی۔ کنوینئر نے کمیٹی کو آگاہ کیا کہ تعمیراتی کام میں نمایاں پیش رفت کے دعووں کے برعکس دورہ معائنہ کے دوران منصوبے کا صرف تقریباً 20 فیصد حصہ ہی عملی طور پر مکمل پایا گیا۔ رپورٹ میں متعدد خامیوں کی نشاندہی بھی کی گئی، جن میں منظور شدہ مرکزی ایئر کنڈیشننگ نظام کی جگہ علیحدہ علیحدہ ایئر کنڈیشنرز کی تنصیب، ناکافی وینٹیلیشن، چھت کے پنکھوں کی تنصیب میں ڈیزائن کی خامیاں، لاجز کے داخلی حصے میں اسٹور کی غیر موزوں جگہ اور مجموعی تعمیراتی معیار پر تحفظات شامل تھے۔ کمیٹی کے مشاہدات پر جواب دیتے ہوئے ممبر انجینئرنگ، سی ڈی اے نے بتایا کہ عمارت کا بنیادی ڈھانچہ (گرے اسٹرکچر) مکمل ہو چکا ہے جبکہ فنشنگ کا کام جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ درآمد شدہ لفٹس کی تنصیب ابھی باقی ہے جبکہ فرنیچر کا آرڈر پہلے ہی دیا جا چکا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ موجودہ پارلیمنٹ لاجز کی تزئین و آرائش کے لیے ایک آرکیٹیکٹ کی خدمات حاصل کر لی گئی ہیں، جو ایک ماڈل لاج تیار کرے گا، جہاں برقی اور دیگر متعلقہ نظاموں کو بھی جدید تقاضوں کے مطابق اپ گریڈ کیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران سینیٹر جان محمد نے نشاندہی کی کہ گزشتہ تین برسوں سے مسلسل درخواستوں کے باوجود ان کے الاٹ کردہ لاج کی مرمت کے لیے صرف علامتی فنڈز مختص کیے گئے۔ اس پر ڈائریکٹر سی ڈی اے نے کمیٹی کو بتایا کہ پہلے سہ ماہی کے فنڈز جاری کر دیے گئے ہیں، جلد ہی ٹینڈرنگ کا عمل شروع کیا جائے گا جبکہ مرمتی کام ستمبر 2026 کے پہلے ہفتے میں شروع ہونے کی توقع ہے

بقیہ نمبر 23

نکالی گئی۔ تقریبات میں شہریوں، سیاسی و سماجی شخصیات، سرکاری افسران، اساتذہ اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کہوٹہ میں منعقدہ تقریب کی مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ شیر گل تھیں۔ اس موقع پر سٹی صدر مسلم لیگ (ن) ڈاکٹر عارف قریشی، پرنسپل گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری سکول کہوٹہ سید ضمیر حسین شاہ، اساتذہ کرام، طلبہ اور دیگر معززین بھی موجود تھے۔ تقریب کے دوران طلبہ و طالبات نے یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے ملی نغمے، تقاریر اور ٹیبلو پیش کیے جنہیں حاضرین نے بھرپور داد دی۔ بچوں نے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم اور کشمیری عوام کی جدوجہد کو اجاگر کرنے کے لیے مختلف ماڈلز بھی پیش کیے، جنہیں شرکاء نے خوب سراہا۔ بعد ازاں ایم سی آفس کہوٹہ سے ایک ریلی نکالی گئی جس میں تحصیل انتظامیہ کے تمام افسران و اہلکار، تحصیلدار کہوٹہ، صاف ستھرا پنجاب پروگرام کا عملہ، ریسکیو 1122 کے اہلکار، مختلف اداروں کے نمائندگان اور شہریوں نے شرکت کی۔ شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے حق میں نعرے لگائے۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ شیر گل نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم کشمیری عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے حق خودارادیت کی مکمل حمایت جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر ہمیں کشمیری عوام کی قربانیوں کو یاد رکھنے اور عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی جانب مبذول کرانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 24

تدریسی اوقات میں 1 گھنٹے کا اضافہ کیا جائے گا تاکہ تعلیمی سرگرمیاں موثر انداز میں جاری رہ سکیں۔ یہ فیصلہ سندھ حکومت کے کفایت شعاری اقدامات پر عملدرآمد اور دستیاب وسائل کے موثر استعمال کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ وزیر تعلیم سندھ سردار علی شاہ نے کہا تھا کہ صوبے بھر کے تمام سرکاری اسکولوں میں ہفتے میں 6 روز تدریسی سرگرمیاں جاری رہیں گی۔ سید سردار علی شاہ نے کہا تھا کہ محکمہ اسکول ایجوکیشن کے جاری اعلامیے کے مطابق تمام سرکاری اسکول کیم اگست 2026 سے ہفتے میں 6 دن تدریسی سرگرمیاں جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 25

وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری، سابق صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر محمد جمال ناصر، بری امام کے گدی نشین راجہ سرفراز، سویٹ ہوم کے سربراہ زمرد خان، سابق صوبائی وزیر بشارت راجہ، ممتاز سینئر اسپیکر سلیم صافی، سابق ضلع نائب ناظم حاجی محمد افضل کھوکھر، سابق تحصیل ناظم حامد نواز راجہ، سینئر مسلم لیگی رہنما جاوید انور مغل، حاجی ارشد محمود، پیرزادہ راحت قدوسی، راجہ شاہد پپو، راجہ ناصر راجہ ساجد پاکستان پیپلز پارٹی کشمیر کے مرکزی رہنما چوہدری ریاض ڈویژنل سیکرٹری جنرل ملک خالد نواز ابوبی خان ناصر خان راجہ ساجد ایاز پیو راجہ عامر حامد عباسی ملک وسیم اعوان سجاد بھٹی سہیل کھوکھر چوہدری محسن گجر خالد سعید بٹ حافظ گلفراز آف لوئی بھیر بنارس چوہدری ملک معید راولپنڈی کے چیئرمین وائس چیئرمین کونسلر اور دیگر سیاسی سماجی شخصیات، اعلیٰ عسکری قیادت نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 26

جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کامران صغیر، اسسٹنٹ کمشنر مری، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر کامران رشید، ریسکیو 1122 کے اہلکاروں، مختلف ضلعی محکموں کے افسران، سول سوسائٹی، طلبہ و طالبات، اساتذہ، میڈیا نمائندگان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے کشمیری عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کی شدید مذمت کی۔ بعد ازاں ریسکیو 1122 کے سنٹرل اسٹیشن مری میں ایک سیمینار منعقد ہوا، جس میں کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر کامران رشید نے کہا کہ ریسکیو 1122 کا عملہ یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ایمرجنسی کور پلان کے تحت اہم مقامات اور اجتماعات پر الرٹ ڈیوٹی انجام دے رہا ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے موثر انداز میں نمٹا جا سکے۔

بقیہ نمبر 27

فوری ایکشن لیتے ہوئے آج مختلف تجارتی مراکز کا ہنگامی دورہ کیا۔ اس سلسلے میں ڈپٹی ڈائریکٹر الیکٹرک مدثر سیال نے ایکسین واپڈا، ایس ڈی او واپڈا اور دیگر متعلقہ افسران کے ہمراہ حلوائی گلی، باڑہ مارکیٹ، انارکلی بازار اور ہاسٹل بازار کا تفصیلی معائنہ کیا تاکہ بجلی کے نظام کا جائزہ لیا جا سکے اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کیے جا سکیں۔ دورے کے موقع پر تاجر نمائندگان بھی موجود تھے، جنہوں نے واپڈا حکام کو مختلف بازاروں میں موجود بوسیدہ بجلی کی تاروں، ناقص کنکشنز، کمزور کھمبوں اور دیگر برقی خطرات سے آگاہ کیا۔ تاجر رہنماؤں نے موقف اختیار کیا کہ خستہ حال برقی نظام نہ صرف تاجروں کے کاروبار بلکہ شہریوں کی جان و مال کے لیے بھی مسلسل خطرہ بنا ہوا ہے، اس لیے اس مسئلے کا مستقل حل ناگزیر ہے۔

ڈپٹی ڈائریکٹر الیکٹرک مدثر سیال نے تمام نشاندہی شدہ مقامات کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں کہ جہاں جہاں بجلی کی تاریں خستہ حال ہیں انہیں فوری طور پر تبدیل کیا جائے، جبکہ ضروری کیبلز، کنیکٹرز اور دیگر حفاظتی سامان بھی بلا تاخیر نصب کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بجلی کے نظام کو محفوظ بنانا واپڈا کی اولین ذمہ داری ہے اور اس حوالے سے کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ تاجر برادری نے ڈپٹی ڈائریکٹر الیکٹرک مدثر سیال اور واپڈا کے دیگر افسران کے فوری دورے اور عملی اقدامات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ جاری کردہ احکامات پر جلد عمل درآمد ہوگا اور گوجر خان کے تمام بازاروں میں بجلی کا نظام محفوظ اور موثر بنایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 28

کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرنے کا اقدام بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی صریح خلاف ورزی تھا۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق خودارادیت دلانے کے لیے اپنا موثر کردار ادا کرے۔ صدر بار اور جنرل سیکرٹری نے کہا کہ پاکستانی قوم کشمیری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور ان کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 29

آف لوڈ کر دیا۔ ترجمان کے مطابق پہلی کارروائی میں عمرہ ویزے پر سعودی عرب جانے والے مسافر رانا متین سے دو جعلی پاکستانی پاسپورٹ اور ان پر چسپاں جعلی لیٹین ویزا اسٹیکرز برآمد ہوئے۔ ابتدائی تفتیش میں معلوم ہوا کہ وہ یہ جعلی دستاویزات آسٹریا میں موجود اپنے ساتھی کی ہدایت پر سعودی عرب پہنچانے والا تھا، جس کے عوض اسے ایک لاکھ روپے ملنے تھے۔ ملزم کو مزید کارروائی کے لیے ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل سیالکوٹ کے حوالے کر دیا گیا۔ دوسری کارروائی میں چار مسافروں کو عمرہ ویزے پر سعودی عرب روانگی کے دوران آف لوڈ کیا گیا۔ امیگریشن پروفائلنگ اور ڈیجیٹل شواہد سے معلوم ہوا کہ ان کا اصل مقصد سعودی عرب سے غیر قانونی طور پر قبرص جانا تھا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق ایک بیرون ملک مقیم ایجنٹ نے 18 لاکھ روپے فی کس کے عوض انہیں قبرص بھجوانے کا معاہدہ کیا تھا جبکہ تین مسافروں سے 10،10 لاکھ روپے فی کس بطور ایڈوانس وصول کیے جا چکے تھے۔ تمام افراد کو مزید کارروائی کے لیے ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل سیالکوٹ کے حوالے کر دیا گیا۔ تیسری کارروائی میں فرانس جانے والے ایک مسافر کو اس وقت آف لوڈ کیا گیا جب امیگریشن جانچ کے دوران اس کا فرانسیسی ویزا مشتبہ طور پر دھوکہ دہی سے حاصل کردہ پایا گیا۔ ابتدائی بیان میں مسافر نے بتایا کہ اس نے ویزے کے حصول کے لیے ایک ایجنٹ کو 65 لاکھ روپے ادا کیے تھے۔ مزید قانونی کارروائی کے لیے اسے ایف آئی اے کمپوزٹ سرکل سیالکوٹ کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 30

رکھتے ہوئے ایک پرنور اور ایمان افروز محفل ذکر، نعت، خطاب اور سماع کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت جانشین حضور نصیر ملتؒ، سجادہ نشین آستانہ عالیہ گولڑہ شریف، پیر سید شمس الدین حسن گیلانی نے فرمائی۔ محفل میں عقیدت مندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے روحانی فیوض و برکات سمیٹیں۔ محفل کا آغاز حافظ محمد رضوان نے تلاوت کلام پاک سے کیا، جبکہ بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں نذرانہ عقیدت پیش کرنے کی سعادت حافظ زبیر حسنین زبیری، غلام اویس قرنی، ڈاکٹر روحان احمد، عبدالکریم شمسی، علی رضا جامی اور محمد سبطین جامی نے حاصل کی۔ نعتیہ کلام نے حاضرین کے دلوں کو عشق رسول ﷺ کی محبت سے منور کر دیا۔ بعد ازاں معروف مذہبی اسکالر محمود الحسن نصیروی نے اپنے خصوصی خطاب میں اولیائے کرام کی تعلیمات، محبت رسول ﷺ، اتحاد امت اور اصلاح معاشرہ پر روشنی ڈالتے ہوئے حاضرین کو دین اسلام کی حقیقی روح پر عمل پیرا ہونے کی تلقین کی۔ محفل کے اختتام پر قوال حضرات نے منفرد انداز میں روح پرور محفل سماع پیش کی، جس سے حاضرین پر وجدانی کیفیت طاری ہوگئی اور محفل ذکر الٰہی اور عشق مصطفیٰ ﷺ کی خوشبو سے معطر ہو اٹھی۔ اس بابرکت روحانی اجتماع میں سید سبط الحسن شاہ، سید مزمل اویس بھیلا، خواجہ اسامہ شکیل مغل، مزمل گجر، واجد حسین، عنصر بیگ، محمد شیراز عارف، محمد صدیق مغل، ڈاکٹر عاقب احمد، راجہ محمد رزاق، لالہ حمیدی، استاد اسلم، اظہر گولڑوی، مشتاق احمد نصیروی، محمد شفیق نصیروی، افتخار احمد، چوہدری زعفران، چوہدری سہیل مظہر، چوہدری بلال، فدا حسین، حاجی محمد بلال، رضوان محمود نصیروی، عمران احمد نصیروی، حافظ ضمیر، راجہ علی، جواد الحسینی سمیت مختلف علاقوں سے آنے والے عاشقان حضور نصیر ملتؒ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ محفل کے اختتام پر ملک و ملت کی سلامتی، امت مسلمہ کے اتحاد، استحکام پاکستان اور عالم اسلام کی سربلندی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں، جبکہ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آستانہ عالیہ گولڑہ شریف کی روحانی و اصلاحی تعلیمات کو عام کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 31

حاصل کیا جائے گا، تجارت، بالخصوص خوراک اور زرعی اجناس و مصنوعات کی تجارت کے فروغ سے دونوں ممالک مستفید ہوں گے۔ ملاقات میں پاکستان اور ایران نے سرحدی تجارت کے فروغ اور 24 گھنٹے بارڈر کھلا رکھنے کے لیے سہولیات بڑھانے، بہتر لاجسٹکس اور کسٹمز طریقہ کار میں ہم آہنگی لانے پر اتفاق کیا۔ دونوں ممالک کے درمیان کان کنی کے شعبے، خصوصاً قیمتی پتھروں کی پراسیسنگ اور ویلیو ایڈیشن میں بھی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای اور صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کے لیے نیک تمناؤں کا پیغام دیا۔ ایرانی وزیر سید محمد اتابک نے کہا کہ ہم پرتپاک استقبال اور شاندار میزبانی پر پاکستان کے شکر گزار ہیں، خطے میں امن کے لیے پاکستان کی مخلصانہ سفارتی کوششوں اور ایران کے ساتھ اظہار یکجہتی پر پاکستانی قیادت اور عوام کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ایران پاکستان کے ساتھ اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے۔ ایرانی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے (Free Trade Agreement) کے حوالے سے تکنیکی سطح پر مذاکرات جاری ہیں۔ اجلاس میں وفاقی وزراء رانا تنویر حسین، جام کمال خان، علی پرویز ملک، جنید انور چوہدری، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی سید طارق فاطمی، ہارون اختر اور طلحہ برکی اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران شریک تھے۔

بقیہ نمبر 32

کو اسلام آباد کا رخ کریں گے۔ پشاور میں موٹر وے کے قریب جلسے سے خطاب میں وزیر اعلیٰ کے پی نے کہا کہ بانی آج ایک دستخط کریں وہ جیل سے باہر ہوں گے مگر وہ یہ صعوبتیں عوام اور آنے والی نسلوں کے لیے برداشت کر رہے ہیں، ہمیں عدالتوں سے کوئی امید نہیں رہی، 26ویں 27ویں آئینی ترامیم کے بعد عدالتیں مفلوج ہو چکی ہیں، بانی سے ملاقات کے لیے ہر آئینی و قانونی راستہ اپنایا مگر ہماری بات نہیں سنی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ہم احتجاج کریں تو گولیاں چلائی جاتی ہیں، زہریلا پانی پھینکا جاتا ہے، ہمیں بتایا جائے عمران خان کو کس چیز کی سزا دی جا رہی ہے، بانی کو بیرونی سازش کے ذریعے کرسی سے اتارا گیا، عمران خان نے بیرونی قوتوں کو انکار کیا تھا، عمران خان کے دور میں پاکستان ترقی کر رہا تھا، کسان، مزدور عوام خوشحال تھے، بیرونی غلاموں نے بیرونی اشاروں پر عمران خان کو کرسی سے اتارا۔

بقیہ نمبر 33

توانائی کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے وفاقی حکومت کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کے حوالے سے جاری کیے گئے طریقہ کار کی بنیاد پر پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمتوں کا اعلان کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں دو روپے کی معمولی کمی کر دی گئی ہے، اس کمی کے ساتھ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں 385 روپے 86 پیسے سے کم ہو کر 383 روپے 86 پیسے ہو گئی ہے۔ پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 4 روپے 45 پیسے کا اضافہ کر دیا گیا ہے، جس کے بعد پیٹرول کی قیمت فی لیٹر 333 روپے ایک پیسے کی سطح پر پہنچ گئی ہے جبکہ گزشتہ روز 328 روپے 56 پیسے مقرر کی گئی تھی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمت کا اطلاق 6 اگست 2026 کے لیے ہوگا۔ ذرائع نے بتایا کہ حکومت نے ڈیزل پر پیٹرولیم لیوی میں ایک روپے 44 پیسے فی لیٹر اضافہ کر دیا ہے اور ڈیزل پر لیوی 70 روپے 86 پیسے سے بڑھا کر 72 روپے 26 پیسے مقرر کر دی گئی ہے۔ یاد رہے کہ حکومت نے گزشتہ روز 5 اگست کے لیے ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 4 روپے 7 پیسے فی لیٹر اور پیٹرول کی قیمت میں فی لیٹر 3 روپے 39 پیسے کی کمی کی تھی۔ حکومت نے گزشتہ روز پیٹرول اور ڈیزل کی فی لیٹر قیمت بالترتیب 328 روپے 56 پیسے اور 385 روپے 86 پیسے مقرر کی تھی۔

بقیہ نمبر 34

گے اور اضلاع کو ملانے والی سڑکیں بند کر کے حکمرانوں کو عوام کو ریلیف دینے پر مجبور کیا جائے گا۔ منصورہ سے جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ احتجاجی تحریک کی تیاریاں آخری مرحلے میں داخل ہو چکی ہیں۔ ملک بھر میں جماعت اسلامی کے ذمہ داران اور کارکن عوام کے مختلف طبقات سے رابطوں، کارنر میٹنگز اور آگاہی مہم کے ذریعے تاریخی احتجاج کو کامیاب بنانے میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ احتجاج کسی سیاسی مفاد کے لیے نہیں بلکہ مہنگائی، بے روزگاری اور ناقابل برداشت ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبے ہر پاکستانی کے حقوق کی جنگ ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ 6 اگست کو لاہور کی وحدت روڈ پر جماعت اسلامی حلقہ خواتین کے زیر اہتمام پٹرولیم لیوی کے خلاف احتجاجی مظاہرے سے خطاب کروں گا، جہاں خواتین بھی عوام دشمن معاشی پالیسیوں کے خلاف اپنی بھرپور آواز بلند کریں گی۔ انہوں نے نوجوانوں سے خصوصی اپیل کی کہ وہ 7 اگست کو اپنی موٹر سائیکلوں پر نکلیں، انہیں شاہراہوں پر لا کر پرامن انداز میں سڑکیں بند کریں اور عوامی احتجاج کو کامیاب بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ احتجاج مکمل طور پر پرامن ہوگا اور اس دوران صرف ایمبولینس اور ایمرجنسی سروسز کی گاڑیوں کو راستہ فراہم کیا جائے گا۔ امیر جماعت اسلامی نے حکومت کو خبردار کیا کہ عوام کے آئینی اور جمہوری حق احتجاج میں رکاوٹیں ڈالنے سے گریز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکمرانوں نے عوامی آواز دبانے کی کوشش کی تو اس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔ انہوں نے جماعت اسلامی کے ذمہ داران کو ہدایت کی کہ احتجاج سے قبل عوامی رابطہ مہم مزید تیز کی جائے اور علماء، تاجروں، وکلاء، طلبہ، مزدوروں، کسانوں، سول سوسائٹی اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو احتجاجی تحریک میں بھرپور شریک کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں منعقد ہونے والی ہزاروں کارنر میٹنگز عوام کو جماعت اسلامی کے مطالبات اور احتجاج کے مقاصد سے آگاہ کر رہی ہیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پٹرولیم لیوی فوری طور پر ختم کی جائے، آئی پی پیز کے مہنگے معاہدوں پر نظرثانی کی جائے، بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے اور مہنگائی پر قابو پانے کے لیے فوری اور موثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک عوام پر مسلط ظالمانہ معاشی پالیسیاں واپس نہیں لی جاتیں، جماعت اسلامی کی پرامن عوامی تحریک جاری رہے گی۔

بقیہ نمبر 35

5 سال پورے کرے گی اور شہباز شریف 5 سال وزیر اعظم رہیں گے، یہ جو مرضی کر لیں، بیان سے جو مرضی نکالیں، سارا کچھ کر لیں لیکن وہ ان شاء اللہ 5 سال پورے کریں گے۔

بقیہ نمبر 36

روپے کی مالیت کے پلاٹس فروخت ہوئے تھے۔ سہ روزہ کمرشل پلاٹس کی نیلامی تیسرے دن 6 اگست تک جناح کنونشن سینٹر میں جاری رہے گی۔ واضح رہے دارالحکومت اسلام آباد میں کمرشل پلاٹس خریدنے اور سرمایہ کاری کرنے کا سنہری موقع ہے۔ اس موقع پر چیئرمین آکشن کمیٹی محمد عمیر نے کہا کہ نیلام عام سے حاصل ہونے والی آمدن کو شہر کے انفراسٹرکچر کی بہتری میگا پراجیکٹس کی تکمیل اور شہریوں کو درپیش مسائل اور خدمات کی فراہمی اور پالیسی کے مسائل کے حل کیلئے خرچ کی جائیگی۔ موصول ہونے والی بولیوں کو مکمل جانچ پڑتال کے بعد سی ڈی اے بورڈ کے سامنے پیش کیا جائیگا جو بولیوں کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز فورم ہے۔ چیئرمین آکشن کمیٹی محمد عمیر نے نیلام عام میں حصہ لینے والے سرمایہ کاروں کیلئے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ سی ڈی اے شہری سہولیات میں بہتری، انفراسٹرکچر کی ڈویلپمنٹ اور شہر کی تعمیر و ترقی کو فروغ دینے کیلئے انتہائی پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 37

روبینہ خالد بھی شامل تھیں ذرائع کے مطابق ملاقات کے دوران خیبر پختونخوا کی مجموعی سیاسی صورتحال، پارٹی کے تنظیمی امور اور صوبے میں امن و امان کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر صوبے بھر میں پاکستان پیپلز پارٹی کی تنظیم کو نچلی سطح تک مزید فعال اور مضبوط بنانے و کارکنوں کے ساتھ رابطوں کو موثر بنانے اور تنظیمی اتحاد و فعالیت میں مزید بہتری لانے کے لیے مختلف تجاویز اور حکمت عملی پر غور کیا گیا اس موقع پر محترمہ فریال تالپور نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور صدر آصف علی زرداری کے وژن کی روشنی میں ایک مضبوط متحرک اور جامع تنظیم کی تشکیل کی ضرورت پر زور دیا انہوں نے کہا کہ باصلاحیت و مخلص اور نظریاتی کارکنوں کو پارٹی میں خوش آمدید کہنا اور ہر سطح پر کارکنوں کو بااختیار بنانا پاکستان پیپلز پارٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے ملاقات میں شریک رہنماؤں نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور صدر آصف علی زرداری کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ خیبر پختونخوا میں پاکستان پیپلز پارٹی کو مزید مضبوط و منظم اور فعال بنانے کے لیے مشترکہ جدوجہد جاری رکھی جائے گی شرکاء نے عوامی مسائل کے حل و جمہوری اقدار کے فروغ اور عوام کی موثر نمائندگی کے لیے پارٹی کے کردار کو مزید موثر بنانے کے عزم کا بھی اعادہ کیا

بقیہ نمبر 38

خیال کیا۔ علاقائی اور بین الاقوامی سیکیورٹی کی صورتحال کے ساتھ ساتھ دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے امکانات پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی۔ وزیر دفاع نے علاقائی امن، سلامتی اور استحکام کے مشترکہ اہداف کے حصول کے لیے مسلسل رابطوں اور تعمیری بات چیت کی اہمیت پر زور دیا۔ ملاقات خوشگوار اور تعمیری ماحول میں منعقد ہوئی، جو باہمی دلچسپی کے امور پر مسلسل رابطے اور تعاون برقرار رکھنے کے حوالے سے دونوں فریقین کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 39

جہاں چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد سعید نے بتایا کہ صرف سیکورٹی گارڈز کے ذریعے واپڈا ہاؤسز کی سیکیورٹی نہیں ہو سکتی، کئی بڑے منصوبے ہیں جن کی سیکیورٹی کی ضرورت پڑتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنا سیکیورٹی کا خوف انتظام کرنا چاہتے ہیں، ہم سیکیورٹی کے لیے پہلے جو انتظام کر رہے تھے وہ کافی مہنگا پڑتا ہے، نئی فورس کی کوئی پینشن نہیں ہوگی اور کنٹریکٹ پر فورس رکھیں گے، اس فورس کو واپڈا کے منصوبوں اور واپڈا ہاؤسز میں گرفتاری کا اختیار ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ منصوبوں کے اندر سے گرفتاری کے بعد پولیس کے حوالے کیا جائے گا، واپڈا فورس کی ٹریننگ بھی ہوگی اور ان کا یونیفارم بھی ہوگا، دیا مر بھاشا میں اس وقت 2500 لوگ سیکیورٹی پر مامور ہیں چیئرمین واپڈا نے کہا کہ واپڈا فورس کے لیے پرائیویٹ سیکیورٹی کمپنیوں سے اہلکار بھی لے سکتے ہیں۔ واپڈا حکام کی جانب سے بریفنگ میں بتایا گیا کہ واپڈا کا چوکیدار سسٹم اب قابل عمل نہیں ہے، منصوبوں کو کئی انٹرنیشنل وفود وزٹ کرنے آتے ہیں جن کی سیکیورٹی پر سمجھوتہ نہیں کر سکتے، واپڈا سیکیورٹی فورس کا باقاعدہ ایک ڈائریکٹر جنرل بھی ہوگا، واپڈا سیکیورٹی فورس کا قیام وفاقی حکومت کا اختیار ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ واپڈا فورس کے لیے تمام قواعد بھی وفاقی حکومت ہی بنائے گی، ڈی جی واپڈا سیکیورٹی فورس کے لیے 20 گریڈ کا ریٹائرڈ افسر ہو سکتا ہے، ڈی جی کی پوسٹ پر پولیس یا آرمی سے ریٹائرڈ افسر لگایا جائے گا، واپڈا فورس جس سے گرفتار کرے گی

بقیہ نمبر 40

اور غیر قانونی اقدامات کے ذریعے جموں و کشمیر کی متنازعہ حیثیت کو تبدیل کرنے کی ناکام کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں، بین الاقوامی قوانین اور انسانی حقوق کے مسلمہ اصولوں کی صریح خلاف ورزی ہیں، جنہیں پاکستان اور کشمیری عوام نے نہ کبھی قبول کیا اور نہ ہی آئندہ کریں گے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر اس حقیقت کی یاد دہانی ہے کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حق خودارادیت کے حصول کے لیے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ظلم، جبر، محاصرے، جبری گمشدگیوں، ماورائے عدالت قتل، سیاسی کارکنوں کی گرفتاریوں اور اظہار رائے پر پابندیوں کے باوجود کشمیری عوام کے حوصلے پست نہیں ہوئے

بقیہ نمبر 41

ایران کے درمیان دوطرفہ تجارت، مشترکہ سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے فروغ کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایرانی وفد میں ٹریڈ فیسلیٹیشن اینڈ ڈیولپمنٹ کے چیئرمین محمد رضا چفرالہی، شاہروز شریعت جبکہ کرمان اور تہران چیمبرز آف کامرس کے اراکین شامل تھے۔ اس موقع پر بورڈ آف انویسٹمنٹ کے سینئر افسران، بشمول ڈائریکٹر جنرل محمود طفیل، بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ایران برادر اسلامی ممالک ہیں جن کے درمیان تاریخی، ثقافتی اور مذہبی تعلقات انتہائی مضبوط ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی 25 کروڑ سے زائد آبادی ایک بڑی منڈی ہے جو تجارت اور سرمایہ کاری کے وسیع مواقع فراہم کرتی ہے۔ ایرانی وفد نے صوبہ کرمان کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ وہاں چار اقتصادی زونز قائم ہیں جبکہ کرمان چیمبر آف کامرس کے دو ہزار سے زائد اراکین ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کرمان معدنیات کے شعبے میں سرفہرست ہے، زرعی پیداوار میں نمایاں حصہ رکھتا ہے اور پستہ اور کھجور کی پیداوار کے حوالے سے عالمی شہرت رکھتا ہے۔

بقیہ نمبر 42

پاکستان اور ڈنمارک قابل تجدید توانائی کے قومی گرڈ میں موثر انضمام، طویل المدتی توانائی منصوبہ بندی اور صنعتی توانائی کی استعداد بہتر بنانے کے لیے مشترکہ طور پر کام کریں گے۔ ڈنمارک طویل المدتی توانائی منصوبہ بندی کے لیے پاکستان کو تکنیکی معاونت فراہم کرے گا۔ ڈنمارک کے ماہرین وفاقی توانائی اداروں کو جدید تکنیکی معاونت بھی فراہم کریں گے۔ معاہدے کے تحت پاکستان اور ڈنمارک کے درمیان توانائی کے شعبے میں جی ٹو جی تعاون مزید مستحکم ہوگا۔ دونوں ممالک علم، تجربات اور جدید ٹیکنالوجی کا تبادلہ بھی کریں گے۔ حکام کے مطابق یہ معاہدہ پاکستان میں گرین انرجی منتقلی کی رفتار تیز کرنے، قومی موسمیاتی اہداف کے موثر اور کم لاگت حصول، صاف، محفوظ اور کم لاگت توانائی کے نظام کی تشکیل اور توانائی کے شعبے میں پائیدار اصلاحات کو مزید تقویت دینے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ نمبر 43

کے شہری اپنی شکایات اور مفید تجاویز واٹس ایپ نمبر 03033470808 پر ارسال کر سکتے ہیں جس سے عوامی شکایات کو فوری طور پر متعلقہ محکمے/ضلعی انتظامیہ تک پہنچایا جائے گا تاکہ نہ صرف بروقت ازالہ یقینی بنایا جا سکے بلکہ بلا تاخیر کارروائی بھی شروع کی جا سکے اور شکایات کو جلد از جلد حل کرنے کی ممکن کوشش کی بھی جائے جبکہ اس عمل سے تمام مراحل کی نگرانی بھی کی جائے گی

بقیہ نمبر 44

وفد نے سینیٹ ہال کا دورہ کیا، جہاں چیئرمین سینیٹ کی پرنسپل سیکرٹری، رابعہ انوار نے سینیٹ سیکرٹریٹ کے انتظامی و پارلیمانی امور، قائمہ کمیٹیوں کے کردار، سینیٹ اجلاس کی کارروائی، قانون سازی کے مختلف مراحل اور ایوان بالا کی آئینی ذمہ داریوں کے حوالے سے جامع بریفنگ دی۔ طلبہ و طالبات نے اس بریفنگ کو انتہائی معلوماتی قرار دیتے ہوئے مختلف سوالات کیے، جن کے تفصیلی اور تسلی بخش جوابات دیے گئے۔
اس موقع پر سینیٹر دنیش کمار نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان باصلاحیت نوجوانوں سے مالا مال ہے اور نوجوان نسل ہی ملک کا سب سے قیمتی سرمایہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے یہ ہونہار طلبہ و طالبات نہ صرف اپنے صوبے بلکہ پورے پاکستان کے روشن مستقبل کی علامت ہیں۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ محنت، لگن اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کو اپنی اولین ترجیح بنائیں تاکہ مستقبل میں ملک و قوم کی ترقی میں موثر کردار ادا کر سکیں۔ اس موقع پر طلبہ و طالبات کے وفد کو سینیٹ براڈ کاسٹنگ روم کا بھی دورہ کرایا گیا اور سینیٹ اجلاس کی کارروائی کے دوران آڈیو ویڈیو ریکارڈنگ کے حوالے سے معلومات بھی فراہم کی گئیں۔

بقیہ نمبر 45

ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی نے کہا کہ پی ایف ایف کی قیادت کا یہ اقدام انتہائی قابل تحسین ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان ایک کھیل دوست ملک ہے جو تمام کھیلوں کے کھلاڑیوں کو دل سے خوش آمدید کہتا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ملک کی دیگر اسپورٹس فیڈریشنز بھی پی ایف ایف کی پیروی کرتے ہوئے بہترین مہمان نوازی کی روایت برقرار رکھیں گی۔ ماضی میں پاکستان کی ہاکی ٹیم نے فٹ بال کے میدان میں بھی کامیابی کا بنیادی طریقہ کار فراہم کیا تھا۔ 1978 کے ہاکی ورلڈ کپ میں بیونس آئرس کے مقام پر پاکستان کی فتح نے ارجنٹائن کے فٹ بال مینیجر سیزر لوئس مینوٹی کو ایسا جارحانہ اور پوزیشن پر مبنی طریقہ کار اپنانے کی ترغیب دی جس کی بدولت ارجنٹائن نے اسی سال اپنا پہلا فیفا ورلڈ کپ جیتا۔ پی ایف ایف کے صدر سید محسن گیلانی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم جنوبی کوریا کی ہاکی ٹیم کو دورہ پاکستان کے دوران گرم جوشی سے خوش آمدید کہتے ہیں اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں۔ ہاکی ہمارا قومی کھیل ہے اور پاکستان نے اس میں بے پناہ کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ اس کھیل نے ہمیں قومی ہیرو دیے ہیں، جن سے سیکھتے ہوئے ہم ملک میں فٹ بال کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے خواہاں ہیں۔ پی ایف ایف کے چیف آپریٹنگ آفیسر شاہد نیاز کھوکھر نے انہی جذبات کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ ہماری طرف سے یہ اس کھیل کے لیے ایک چھوٹی سی کاوش ہے جس نے پاکستان کو کھیلوں کی دنیا میں خوبصورت ترین لمحات دیے ہیں۔ ہم پی ایچ ایف کے ساتھ قریبی شراکت داری قائم کرنا چاہتے ہیں تاکہ دونوں فیڈریشنز اپنے اپنے کھیلوں کی بہتری کے لیے مل کر کام کر سکیں۔ پی ایف ایف کے صدر کے حکومتی امور سے متعلق مشیر ایاب احمد نے اس دورے کے نتیجے میں پاکستان اور جنوبی کوریا کے درمیان ثقافتی تبادلوں کو سراہا

بقیہ نمبر 46

ہوئے صومالی فضائیہ کی جدت طرازی کے سفر میں بھرپور معاونت کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ دونوں فضائی افواج کے درمیان پہلے سے طے شدہ مفاہمتی یادداشت دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہے۔ دونوں فضائی افواج کے سربراہان نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ادارہ جاتی روابط کو مزید مستحکم بنایا جائے، پیشہ ورانہ تبادلوں میں اضافہ کیا جائے اور موجودہ مفاہمت کو باہمی مفاد کے لیے عملی تعاون میں تبدیل کیا جائے۔ جناب سفیر احمد معظم فقی، وزیر دفاع، وفاقی جمہوریہ صومالیہ نے پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارت اور آپریشنل صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے دفاعی تعاون کو مزید فروغ دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔ انہوں نے صومالی فضائیہ کی تعمیر نو اور جدید کاری کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اس مقصد کے لیے پاک فضائیہ کے وسیع پیشہ ورانہ تجربے سے استفادہ حاصل کرنے میں گہری دلچسپی ظاہر کی۔ انہوں نے ادارہ جاتی ڈھانچے کی تشکیل، آپریشنل اور تربیتی پالیسیوں کی تیاری، پائلٹس، فضائی عملے اور تکنیکی عملے کی جامع تربیت کے ذریعے انسانی وسائل کی استعداد بڑھانے کے لیے پاک فضائیہ سے تعاون کی درخواست کی۔ دورے کے دوران وفد نے ایئر ہیڈ کوارٹرز میں قائم نیشنل آئی ایس آر اینڈ انٹیگریٹڈ ایئر آپریشنز سینٹر کا بھی دورہ کیا، جہاں انہیں پاک فضائیہ کے مربوط کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم، جدید انٹیلی جنس، صلاحیتوں کے آپریشنل استعمال اور نیٹ ورک سینٹرک آپریشنل فریم ورک پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وفد نے پاک فضائیہ کے جدید ترین آپریشنل انفراسٹرکچر اور اعلیٰ سطح کی آپریشنل تیاری کو بے حد سراہا۔ صومالی دفاعی وفد کا ایئر ہیڈ کوارٹرز کا یہ دورہ پاکستان اور صومالیہ کے درمیان دفاعی تعاون کو مزید مستحکم بنانے، دیرپا ادارہ جاتی روابط کو فروغ دینے اور علاقائی امن اور استحکام اور باہمی خوشحالی کے مشترکہ عزم کا مظہر ہے۔

بقیہ نمبر 47

کہ محمد سلیم طاہر کی وفات سے پاکستان ٹیلی وژن اور ادبی حلقے ایک باصلاحیت، مخلص اور باوقار شخصیت سے محروم ہو گئے ہیں۔ انہوں نے نشریات اور ادب کے شعبے میں اپنی خدمات سے ہمیشہ اچھا نام کمایا اور اپنے کام کے ذریعے دیرپا نقوش چھوڑے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ مرحوم کی فنی، ادبی اور تخلیقی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ آمین

بقیہ نمبر 48

ہے۔ 5 اگست 2019 کو بھارت نے اپنے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت کو منسوخ کر دیا تھا

بقیہ نمبر 49

بدھ کو وزارت ریلوے سے جاری بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ لاہور سے لالہ موسیٰ جانے والی بابو مسافر ٹرین 20 اگست سے بحال کر دی جائے گی جبکہ ملتان سے براستہ جھنگ، سرگودھا جانے والی ساندل ایکسپریس 21 اگست سے دوبارہ چلائی جائے گی

بقیہ نمبر 50

شروع کرنے کی تیاریاں زور شور سے جاری ہیں ذرائع کے مطابق تحریک کو منظم انداز میں چلانے اور فیصلہ کن بنانے کیلئے نوجوانوں کو بھی متحرک کیا جا رہا ہے جبکہ تحریک کی کامیابی کیلئے نوجوانوں کا کردار بھی اہم تصور کیا جا رہا ہے

بقیہ نمبر 51

اقدام غیر قانونی، یکطرفہ اور ناقابل قبول تھا جو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی صریحاً خلاف ورزی ہے

بقیہ نمبر 52

تھی۔ انہوں نے کہا کہ عالمی معیارات سے نظام کو ہم آہنگ کر رہے ہیں دنیا کی دیگر مارکیٹوں کا مشاہدہ کر کے ان کے پراڈکٹس کا جائزہ لے رہے ہیں۔ آغاز سے نصب العین رہا ہے کہ ہمارا بینکاری نظام اسلامی ہو کیونکہ 1948 میں بابائے قوم نے اسٹیٹ بینک کے قیام کے موقع پر اپنے خطاب میں اسلامی بینکاری پر زور دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ دسمبر 2027 تک اسلامی بینکاری نظام کے نفاذ کیلئے حکومت نے اپنی حکمت عملی واضح کر دی ہے

بقیہ نمبر 53

حل نہیں ہوں گے جب تک کرپٹ حکمرانوں اور فرسودہ نظام سے نجات حاصل نہیں کی جاتی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ غربت، مہنگائی، بے روزگاری اور بدعنوانی جیسے مسائل کا حل صرف نئے صوبے بنانے میں نہیں بلکہ شفاف احتساب، قانون کی بالادستی، میرٹ پر مبنی نظام، جامع معاشی اصلاحات اور دیانتدار قیادت کے قیام میں ہے۔

بقیہ نمبر 54

حتم کر کے اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی صریحاً خلاف ورزی کی، پاکستان کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ بدھ کو یوم استحصال کشمیر کے موقع پر سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ آج یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ہم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ برسوں میں کشمیری عوام نے بے شمار قربانیاں دی ہیں مگر ان کے جذبہ حریت کو دبایا نہیں جا سکا، آزادی، انصاف اور ان کے حق خودارادیت کی جدوجہد آج بھی پوری قوت سے جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق دلانے کے لیے موثر کردار ادا کرے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہدائے کشمیر کے درجات بلند فرمائے اور کشمیری عوام کو آزادی اور امن کی نعمت سے سرفراز کرے۔

اسلام آباد، وفاقی وزیر اورنگزیب کھچی اسپین کے سفیر کو سندھی شال پہنا رہے ہیں

پاکستان میں وسائل کی کمی نہیں ہے، حنیف مغل

مضبوط، ترقی یافتہ اور خوشحال پاکستان کی بنیاد معیاری تعلیم پر استوار

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ڈاکٹر محمد حنیف مغل چیئرمین پاکستان تحریک شاد باد نے کہا ہے کہ پاکستان میں وسائل کی کمی نہیں ہے اچھی قیادت کی ضرورت ہے، ان وسائل کو کارامد بنانے کے لیے اچھی قیادت ناگزیر ہے، پاکستان میں نوجوان نسل قیمتی اور قومی اثاثہ ہے، لیکن اچھی راہنمائی نہ ہونے کی وجہ سے ہماری نوجوان نسل اور ہمارے وسائل ضائع ہو رہے ہیں۔ اسی طرح ہر بچے کے لیے معیاری تعلیم کی فراہمی ناگزیر ہے، خصوصاً طبی تعلیم کے شعبے میں اعلیٰ تعلیمی معیار کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے، ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے گزشتہ روز ممتاز سیاسی و بزنس راہنما چوہدری سرور، سینیئر صحافی عقیل انجم، قاری محمد شریف اور ڈاکٹر محمد عدیل سمیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

ہلال احمر پاکستان: ریڈملین مومنٹ کا باضابطہ آغاز

نوجوانوں، رضاکاروں، کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرے گی، فرزانہ نائیک

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ہلال احمر پاکستان نے اپنے فلیگ شپ اقدام کے لیے ریڈ ملین مومنٹ کا باضابطہ آغاز کر دیا۔ اس مہم کا مقصد ملک بھر میں دس لاکھ نوجوانوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، ہلال احمر کی چیئر پرسن فرزانہ نائیک ریڈملین مہم کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

راولپنڈی شہری کو مقدمہ میں پھانسنے کی دھمکیاں دیکر بھتہ لینے والے 2 پولیس اہلکار گرفتار

سی پی او مشتاق سکھیرا کے نوٹس کے بعد کانسٹیبل محسن ضیاء اور دو پرائیویٹ ساتھیوں کو الزامات ثابت ہونے پر سی پی او دھر لیا گیا

ملزمان کے خلاف اغوا اور بھتہ خوری کا مقدمہ درج کرلیا، پولیس اہلکار تھانہ چکلالہ میں تعینات تھا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) راولپنڈی پولیس اہلکار کو شہری کو مقدمے میں پھانسنے کی دھمکیاں دے کر بھتہ لینا مہنگا پڑ گیا، سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا نے فوری انکوائری میں الزام ثابت ہونے پر اہلکار کو گرفتار کروا کے مقدمہ درج کرا دیا۔ حکام کے مطابق شہری نے شکایت کی کہ پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): سٹی پولیس آفیسر (سی پی او) راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا نے ایک شہری کی شکایت پر فوری نوٹس لیتے ہوئے تھانہ چکلالہ میں تعینات کانسٹیبل محسن ضیاء اور اس کے دو نجی ساتھیوں کو انکوائری میں الزامات ثابت ہونے پر سی پی او آفس سے گرفتار کروا دیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

جوان قوم کے مستقبل کیساتھ مضبوط حال بھی ہیں، عمران جاوید

عہد کریں نفرت کے بجائے محبت، اور مایوسی کے بجائے امید کو فروغ دیں گے

اسلام آباد (پ ر) نوجوان صرف قوم کا مستقبل نہیں بلکہ اس کا مضبوط حال بھی ہیں۔ جب نوجوان تعلیم، کردار، اتحاد اور خدمت خلق کو اپنا شعار بناتے ہیں تو قومیں ترقی کی نئی منزلیں طے کرتی ہیں۔ آئیں ہم عہد کریں کہ اختلاف کے بجائے اتحاد، نفرت کے بجائے محبت، اور مایوسی کے بجائے امید کو فروغ دیں گے، تاکہ ایک مضبوط، باوقار اور خوشحال پاکستان کی تعمیر میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

سینیٹ کمیٹی کا نئے پارلیمنٹ لاجز منصوبے کی تاخیر پر اظہار تشویش

اجلاس میں وزارتوں اور سی ڈی اے کے سینئر حکام کی عدم شرکت پر شدید برہمی، غیر سنجیدگی کا تاثر ملتا ہے

مرمت، دیکھ بھال کے کاموں کا بیرونی فارنزک آڈٹ شروع کر دیا، رپورٹ کا انتظار ہے، سی ڈی اے حکام

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ و چیئرمین سینیٹ ہاؤس کمیٹی، سیدال خان ناصر کی زیر صدارت سینیٹ ہاؤس کمیٹی کا اجلاس آج پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا، جس میں پارلیمنٹ لاجز سے متعلق مختلف اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سینیٹر دانش کمار، سینیٹر ہدایت اللہ خان، سینیٹر جان محمد، سینیٹر کامل علی آغا اور سینیٹر نسیمہ احسان کے علاوہ کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے)، وزارتِ داخلہ، وزارتِ منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات، وزارتِ خزانہ اور سینیٹ سیکرٹریٹ کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ کمیٹی نے متعلقہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد، زین العابدین، لطاسب ستی کی قیادت میں ریلی نکالی گئی

عوام اپنے قائد عمران خان کی حقیقی آزادی کیلئے میدان میں موجود ہے، خطاب

مری (پ ر) عوامی ایم پی اے زین العابدین عباسی، عوامی ایم این اے میجر (ر) لطاسب ستی، راولپنڈی و مری کی قیادت، ٹکٹ ہولڈرز، یوتھ ونگ، کارکنان اور عوام کا ایک عظیم الشان قافلہ کے ساتھ ریلی اور پرامن احتجاج کیا اسلام آباد ایکسپریس وے پر اسلام آباد پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

ہزارہ بھر میں سی این جی لوڈشیڈنگ کے احکامات جاری

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ہزارہ بھر میں سی این جی لوڈشیڈنگ کے احکامات جاری، سی این جی اسٹیشن صبح 6 تا شام 6 بجے تک کھلے رہیں گے، شام چھ تا صبح چھ بجے تک تمام سی این جی اسٹیشنز بند رہیں گے، لوڈشیڈنگ کا فیصلہ متفقہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

محکمہ ہائی وے مری کی غفلت

جنرل بس اسٹینڈ شارٹ کٹ روڈ لینڈ سلائیڈنگ کے خطرے سے دوچار

مری (بیورو رپورٹ) مری میں محکمہ ہائی وے کی مبینہ غفلت کے باعث جنرل بس اسٹینڈ سے جانے والی شارٹ کٹ روڈ دوبارہ لینڈ سلائیڈنگ کے خطرے سے دوچار ہوگئی ہے، جس پر شہریوں نے شدید تشویش کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ایف جی ایچ اے: یوم استحصال کشمیر پر اظہار یکجہتی واک کا انعقاد

ہیڈ آفس اور سائٹ آفس میں واک میں ملازمین اور مقامی شہریوں کی بھرپور شرکت

مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں، اور بامعنی مکالمے کے ذریعے ہی ممکن ہے، شرکاء

اسلام اباد (نمائندہ خصوصی) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کی جانب ایف جی ایچ اے ہیڈ آفس جی-10 اور سائٹ آفس سیکٹر جی-13 میں یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اظہار یکجہتی واک کا انعقاد اسلام آباد، 5 اگست 2026ء: فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (ایف جی ای ایچ اے) کے زیرِ اہتمام سیکٹر جی-13 میں یوم استحصال کشمیر کے کے موقع پر اظہار یکجہتی واک کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد کشمیری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار اور مسئلہ جموں و کشمیر کی تاریخی و انسانی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ واک میں ایف جی ایچ اے کے افسران، ملازمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد پولیس سرچ آپریشن، 431 افراد کی چیکنگ، 16 مشکوک افراد تھانوں منتقل

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کیے، جن کے دوران 431 افراد، 236 گھروں، 87 دکانوں، 21 ہوٹلوں، 211 موٹر سائیکلوں اور 99 گاڑیوں کی چیکنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

آئیسکو: آج عارضی بجلی بندش کا شیڈول جاری

اسلام آباد (اے پی پی): اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) نے جمعرات کے لئے عارضی بجلی بندش کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ ترجمان آئیسکو کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم میٹیننس، ڈویلپمنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

مرحوم راجہ یوسف کی اہلیہ رضائے الٰہی سے وفات پا گئیں

نماز جنازہ میں چوہدری تنویر، حنیف عباسی، دانیال چوہدری و دیگر شریک

راولپنڈی (نامہ نگار خصوصی) مرحوم راجہ محمد یوسف کی اہلیہ، ڈاکٹر ہارون یوسف راجہ، میجر راجہ ہمایوں یوسف، راجہ سہیل یوسف، محمد علی راجہ، اور ڈاکٹر عمر یوسف راجہ کی والدہ محترمہ اور راجہ قمر زمان کی خوش دامن رضائے الٰہی سے وفات پا گئیں، نماز جنازہ ممتاز عالم دین مفتی حنیف قریشی نے پڑھائی، نماز جنازہ میں سینئر مسلم لیگی رہنما سابق سینیٹر چوہدری محمد تنویر، وفاقی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

کہوٹہ یوم استحصالِ کشمیر پر ریلی، تقریب کا انعقاد

کہوٹہ (نمائندہ۔شہرنامہ) یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کہوٹہ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جبکہ میونسپل کمیٹی (ایم سی) آفس کہوٹہ سے کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک ریلی بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

سندھ کے تمام سرکاری و نجی اسکولوں میں ہفتے کی تعطیل کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی منظوری سے صوبے بھر کے تمام سرکاری و نجی اسکولوں میں ہفتہ اور اتوار کو تعطیل ہوگی۔ اس فیصلے کے تحت پیر تا جمعہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ہونہار طالبہ میراب حسن کی میٹرک امتحان میں دوسری پوزیشن

اساتذہ طلبہ اور والدین نے میراب حسن کو اس شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی



راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈی پی ایس اینڈ کالج راولپنڈی کی طالبہ میراب حسن نے راولپنڈی بورڈ کے میٹرک امتحان میں دوسری پوزیشن حاصل کر لی راولپنڈی ڈویژنل پبلک اسکول اینڈ کالج ڈی پی ایس راولپنڈی کی ہونہار طالبہ میراب حسن نے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی کے میٹرک سالانہ امتحان 2026 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

یوم استحصالِ کشمیر مری میں یکجہتی کشمیر ریلی

مری (نمائندہ۔شہرنامہ) یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی اور بھارتی مظالم کے خلاف آواز بلند کرنے کے لیے سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر ستارۂ امتیاز کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ مری کے زیر اہتمام مال روڈ پر ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی۔ ریلی کا آغاز جی پی او چوک مال روڈ سے ہوا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

واپڈا کے اعلیٰ حکام کا باڑہ مارکیٹ گوجرخان ہنگامی دورہ

بوسیدہ تاریں فوری تبدیل کرنے کے احکامات جاری

گوجرخان (بیورو رپورٹ) باڑہ مارکیٹ گوجرخان میں آتشزدگی کے واقعے کے بعد واپڈا کے اعلیٰ حکام کا ہنگامی دورہ، مختلف بازاروں میں بجلی کے نظام کا تفصیلی معائنہ، بوسیدہ تاریں فوری تبدیل کرنے کے احکامات جاری تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز گوجرخان کی باڑہ مارکیٹ میں پیش آنے والے آتشزدگی کے افسوسناک واقعے کے بعد واپڈا کے اعلیٰ حکام نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

صحافی اور فنکار معاشرے کے ستون، بغیر ترقی ممکن نہیں، خاقان خواجہ

عوامی قوت پارٹی شعبہ صحافت اور شعبہ ثقافت کی بہتری کے لیے بھی کوشاں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ صحافی اور فنکار ہمارے معاشرے کے دو ایسے اہم ستون ہیں جن کے بغیر ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے یہ بات اپنے دفتر میں آئے ہوئے فنکاروں صحافیوں اور سیاسی و سماجی رہنماں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ ملاقات کرنے والوں میں ڈالفن کمیونیکیشن کی سی ای او اور معروف ڈرامہ ڈائریکٹر عاصمہ اسماعیل بٹ نامور صحافی خالد چوہدری۔ امجد چوہدری۔ رئیس احمد۔ محمد سلیم۔ میڈم فائزہ۔ سمیت لیاقت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

راولپنڈی، سربراہ عوامی قوت پارٹی خاقان خواجہ کے ہمراہ عاصمہ بٹ، خالد چوہدری و دیگر کا گروپ فوٹو

مری، یوم استحصال کے سلسلہ میں ریلی کی قیادت ڈی سی ظہیر شیرازی کر رہے ہیں

پاکستان کشمیر پر اصولی موقف سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹے گا، ساجد اعوان، قمر الحق نیازی

5 اگست 2019 کا بھارتی اقدام بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی صریح خلاف ورزی تھا

عالمی برادری کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حقِ خودارادیت دلانے کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کرے، مشترکہ بیان

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ بار ایسوی ایشن کے صدر ساجد اعوان اور جنرل سیکرٹری قمر الحق خان نیازی ایڈووکیٹ نے 5 اگست یوم استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پاکستان کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت اور جموں و کشمیر کی متنازع آئینی حیثیت کے مؤقف پر ثابت قدم ہے اور اس اصولی مؤقف سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹے گا۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

گلشن نصیر گوجرخان میں نصیر ملت کے عرس کی تقریب

پیر سید شمس الدین شمس گیلانی کی زیرِ صدارت روح پرور محفلِ ذکر و سماع

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گلشنِ نصیر گوجرخان رہائش گاہ عبدالباقی نصیروی، عبدالرازق نصیروی اور عبدالہادی نصیروی پر حضور نصیر ملت پیر سید نصیر الدین نصیر گیلانی گولڑہ شریف کے اٹھارویں عرس کی یاد میں آستانہ عالیہ گولڑہ شریف کی روحانی روایات کو برقرار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ایف آئی اے امیگریشن سیالکوٹ کی کارروائیاں

سیالکوٹ (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن سیالکوٹ نے بروقت کارروائیوں کے دوران جعلی سفری دستاویزات، انسانی اسمگلنگ اور ویزا فراڈ کی تین الگ الگ کوششیں ناکام بناتے ہوئے متعدد مسافروں کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

کشمیریوں سے یکجہتی کیلئے واک، نیوٹیک قیادت کی شرکت

شہداء کو خراجِ عقیدت پیش، ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی

پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا، شرکاء

اسلام اباد (نمائندہ خصوصی) یوم استحصالِ کشمیر: وزارتِ امورِ کشمیر کے زیرِ اہتمام یکجہتی واک، NAVTTC کی قیادت اور ملازمین کی بھرپور شرکت وزارتِ امورِ کشمیر، گلگت بلتستان و ریاستیں و سرحدی امور کے زیرِ اہتمام یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر ریڈیو پاکستان چوک سے ڈی چوک تک یکجہتی واک کا انعقاد کیا گیا، جس میں نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (NAVTTC) کے چیئرمین، اعلیٰ افسران اور ملازمین نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل NAVTTC، حیدر عباس نے NAVTTC کے افسران، ملازمین اور طلبہ کے ہمراہ یکجہتی واک کی قیادت کی، جبکہ ادارے کی جانب سے قومی یکجہتی اور کشمیری عوام سے بھرپور اظہارِ یکجہتی کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔ واک کا آغاز صبح 10:8 بجے ریڈیو پاکستان چوک سے ہوا، جبکہ صبح 00:9 بجے تمام شرکاء نے مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام سے اظہارِ یکجہتی اور بھارتی مظالم کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

مستقبل کی جنگوں کیلئے ٹیکنالوجی کی ترقی اہمیت رکھتی ہے، ائیر مارشل (ر) عبدالمعید

"کیس" کے زیراہتمام ایران، اسرائیل اور امریکا کے تنازع سے فضائی، جغرافیائی سیاسی اور ادراکی میدانوں کے اسباق" کے عنوان سے سیمینار

دیرپا امن صرف عسکری طاقت کے ذریعے قائم نہیں کیا جاسکتا، دانشمندانہ جغرافیائی سیاسی حکمت عملی ناگزیر، آصف علی درانی و دیگر کا خطاب

اسلام اباد (نمائندہ خصوصی) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (کیس) لاہور نے ۵ اگست ۲۰۲۶ کو "ایک تنازع، تین محاذ، ایران، اسرائیل اور امریکا کے تنازع سے فضائی، جغرافیائی سیاسی اور ادراکی میدانوں کے اسباق" کے عنوان سے ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ اس تقریب میں ماہرین تعلیم، دانشوروں، حاضر سروس و ریٹائرڈ افسران اور ماہرین نے شرکت کی۔ سیمینار کا افتتاحی خطاب محترمہ نداء شاہد، ایسوسی ایٹ ڈائریکٹر، کیس لاہور نے کیا۔ ایئر مارشل عبدالمعید خان (ر)، وائس چانسلر ایئر یونیورسٹی، نے تنازع سے حاصل ہونے والے فضائی اور عسکری آپریشنز سے متعلق اہم اسباق پر روشنی ڈالی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

"کیس" کے زیراہتمام سیمینار کے موقع پر مہمانوں کا گروپ فوٹو

آئی ایس ایس آئی کے زیراہتمام سیمینار کا انعقاد

مسئلہ کشمیر کشمیری عوام اور ان کے حقِ خودارادیت کا مسئلہ ہے، شیری رحمان

اسلام آباد (پ ر) انسٹیٹیوٹ آف اسٹریٹیجک اسٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) کے انڈیا اسٹڈی سینٹر (آئی ایس سی) نے یومِ استحصال کی ساتویں برسی کے موقع پر "5 اگست 2019: حقِ خودارادیت کے لیے جاری جدوجہد" کے عنوان سے ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ جمہوریہ پاکستان کے صدر کی نمائندگی کرتے ہوئے سابق وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

مسلم نمبر 1 راولپنڈی میں یومِ استحصالِ کشمیر پر تقریب کا انعقاد

پاکستان کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا، ضیاء اللہ شاہ

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ضلعی ایجوکیشن اتھارٹی راولپنڈی کے زیر اہتمام گورنمنٹ مسلم ہائیر سیکنڈری اسکول مسلم نمبر 1 راولپنڈی میں یومِ استحصالِ کشمیر کے سلسلے میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا مقصد مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ اظہارِ یکجہتی اور بھارتی غیر قانونی و یکطرفہ اقدامات کی مذمت کرنا تھا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی رکنِ پنجاب اسمبلی ضیاء اللہ شاہ تھے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا اور کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو سلام پیش کرتا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

پاکستانی اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑا، ساجد صفدر

پاکستان کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) منیجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی و چیف ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی رانا ساجد صفدر نے کہا ہے کہ پاکستان کا ہر شہری اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑا ہے، مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی مظالم کی شدید مذمت کرتا ہے اور کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا وقار النسا کالج برائے خواتین میں یومِ استحصالِ کشمیر کی مرکزی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رانا ساجد صفدر نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر کشمیری عوام کی عظیم قربانیوں، ثابت قدمی اور آزادی کی جدوجہد کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی، ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی ساجد صفدر و دیگر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی واک میں شریک ہیں

چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی سے راجہ تنویر اختر کی ملاقات

گوجر خان (بیورو رپورٹ) ایڈووکیٹ سپریم کورٹ راجہ تنویر اختر نے چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی سے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ اس موقع پر راجہ اعتزاز تنویر ایڈووکیٹ ہائی کورٹ بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

چارسدہ، یوم استحصال کشمیر بارے تقریب، آگاہی واک کا انعقاد

مقصد بھارتی غیر قانونی اقدامات کے خلاف کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کرنا تھا

چارسدہ (نمائندہ شہرنامہ) یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ چارسدہ کے زیر اہتمام ایک پروقار تقریب اور آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف سرکاری محکموں کے سربراہان، افسران، اساتذہ، طلبہ اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کا مقصد مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی مظالم اور 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اقدامات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد پولیس کا کریک ڈاؤن، 17 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

ملزمان کے قبضے سے منشیات، شراب اور غیر قانونی اسلحہ بھی برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے اسلام آباد پولیس کا مؤثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ مختلف تھانوں کی کارروائیوں کے دوران سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروروں اور اشتہاریوں سمیت 17 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، جبکہ ان کے قبضے سے منشیات، شراب اور غیر قانونی اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کے خصوصی احکامات پر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

شہرنامہ اسلام آباد
SHEHAR NAMA Islamabad

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شاہکی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک ڈیرپا پرنٹس
ایوارڈ شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083